Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

English Tra. on Conc. Plain
By Ram Lal 1935 G.K.V.

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

1555

1555;U

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

1555

गुरुकुल इन्द्रप्रस्थ
पत्रसं०..............
ति ....
GURUKULA INDRAPRASTHA

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ENGLISH TRANSLATION.

BOOK III

EXERCISE I.

The use of *is, am, are, was, were.*

Acc
369

1555,U

(1) یہ ایک بڑا پیالہ ہے۔

(2) میرا بھائی اب گیارہ برس کا ہے +

(3) کل شام میں بہت تھکا ہوا تھا +

(4) دہلی کی جامع مسجد دیکھنے کے قابل ہے

(5) ہری کے دونوں لڑکے بہت بیمار ہیں

(6) ہماری جماعت میں چوالیس لڑکے ہیں +

(7) آجکل دن گرم ہیں۔ مگر راتیں سرد ہیں +

(8) تمہاری حاضری کل کی میٹنگ میں ضروری ہے +

(9) ہماری لائبریری کتابوں سے بھری ہوئی ہے +

(10) تمہارے آنے سے پہلے سب کمرے خالی تھے +

(11) حمید میرا دوست تھا۔ مگر اب میرا دشمن ہے +

(12) اس کے پاس ہونے کی کوئی اُمید نہ تھی +

(13) زمین گیند کی طرح گول ہے +

(14) ریلوے سٹیشن میرے مکان سے دو میل ہے +

(15) اس کی صحت سال گذشتہ بہت اچھی تھی +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(16) مجھے صبح کے وقت سیر کرنے کا بہت شوق ہے +
(17) ہم اُس کو دیکھنے کے بہت خواہش مند تھے +
(18) میرے تمام جماعتی مجھ پر بہت مہربان ہیں +
(19) ہمیں ہمیشہ دوسروں کی مدد کی ضرورت ہے +
(20) آسمان کالے بادلوں سے گھرا ہوا تھا -
(21) ہمارا پرنسپل بہت منصف اور دیانتدار ہے +
(22) میں یہاں بہت آرام سے ہوں +

---

tired	تھکا ہوا
worth seeing	دیکھنے کے قابل
vacant	خالی
round	گول
to take an airing	سیر کرنا
covered	گھرا ہوا
just	منصف
comfortable	آرام سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE II.

The use of *have*, *has*, *had*.

(۱) میرے پاس ایک بہت اچھی چھڑی ہے ۔
(۲) اُس کے پاس ایک گھوڑا اور ایک گاڑی ہے ۔
(۳) میرے بھائی کے پاس ایک انگریزی ہیٹ تھا ۔
(۴) ہمارے سکول کے ہال کے چھ دروازے اور بارہ کھڑکیاں ہیں ۔
(5) پہاڑی بکریوں کے لمبے بال ہوتے ہیں ۔
(۶) ریڈنگ روم کی میز کی چھ ٹانگیں ہیں ۔
(7) ہرن کے چھوٹی پونچھ اور لمبے سینگ ہوتے ہیں ۔
(8) کالج کے طالب علموں کو کل چھٹی تھی ۔
(۹) ہمارے سکول کا ایک بڑا ہال اور دس کمرے ہیں ۔
(۱۰) میرے پاس آج تم سے ملنے کے لئے وقت نہیں ہے ۔
(۱۱) اُس کا ایک ہزار روپیہ امپیریل بنک میں تھا ۔
(۱۲) میرے پاس اُس کو دینے کے لئے کوئی روپیہ نہیں تھا ۔
(۱۳) میرے چچا کے کوئی لڑکا نہیں تھا -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(14) میرے چھوٹے بھائی کے پاس رہنے کے لئے کوئی مکان نہیں ہے +

(15) ہری رام کے پاس بہت دیانت دار اور قابل اعتبار نوکر ہے +

(16) مُسافر کے ساتھ کوئی ساتھی اُس لئے سفر میں نہ تھا +

(17) ایک کمرے کی گارے کی دیواریں اور چھپّر کی چھت ہے +

(18) تم میں یہ سمجھنے کی کافی عقل ہے +

(19) ہمارے پاس انسپکٹر کے آنے کی کوئی خبر نہیں ہے +

(۲۰) عبداللہ کے بھائی کے دو لڑکے اور ایک لڑکی تھی +

(۲۱) میرے پاس اُس کا اعتبار نہ کرنے کی کئی وجوہات ہیں +

---

stick	چھڑی
carriage	گاڑی
trustworthy	قابل اعتبار
companion	ساتھی
thatched root	چھپر کی چھت
intelligence	عقل
to disbelieve	اعتبار نہ کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE III.

Sentences beginning with *There*

There is a well in our school compound

ہمارے سکول کے احاطہ میں ایک کنواں ہے -

---

(۱) اُس کے باغ میں ایک سیب کا درخت ہے -

(۲) ریلوے سٹیشن کے پاس ہی ایک ہسپتال بھی ہے +

(3) صبح کے وقت سردیوں میں بہت کُہر ہوتی ہے +

(۴) کل رات ہمارے مکان میں ایک چور تھا +

(5) کمرے میں دو آدمی تھے +

(۶) مکان کی چھت میں دو بڑے سوراخ ہیں +

(7) کتاب کے پہلے صفحہ پر بادشاہ کی تصویر ہے +

(8) ہمارے گاؤں میں ایک ہائی سکول ہے +

(۹) ہمارے سکول میں چھ سو لڑکے اور بیس اُستاد ہیں +

(۱۰) ہری چند کی دیانت داری میں کچھ شک تھا +

(۱۱) کل ہمارے شہر میں ایک بڑا میلہ تھا +

(۱۲) ہمارے راستے میں ایک بڑا دریا تھا +

(13) دریا کو عبور کرنے کے لئے کوئی کشتی نہ تھی +

(۱۴) اس سال تالاب میں پانی نہیں ہے -

(15) اس سڑک پر ایک میل تک کوئی درخت نہیں ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(16) کمزور لڑکوں کی مدد کرنا ہر ایک اُستاد کا فرض ہے +

(17) ملک کے شمالی حصّہ میں سخت قحط تھا +

(18) آج کوئی امتحان نہیں ہے +

(19) سمندر میں ایک بڑا اور چھپا ہوا چٹان تھا +

(20) ہمارے شہر میں بجلی کی روشنی نہیں ہے +

---

apple	سیب
fog	کہر
doubt	شک
honesty	دیانتداری
fair	میلہ
to cross	عبور کرنا
severe famine	سخت قحط
rock	چٹان -
electric light	بجلی کی روشنی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(14) اس سال امتحان پاس کرلینا میری خواہش ہے +

(15) میرے لئے ایک مکان کا انتظام کرنا تمہارا فرض ہے +

(16) تمہیں یہ سوال نکالنے میں آدھ گھنٹہ لگے گا +

(17) اس کو اپنا کام ختم کرنے میں ایک گھنٹہ لگے گا +

(18) کمرے کی چھت پر سونا زیادہ محفوظ ہے +

(19) صبح سویرے اٹھنا میری عادت ہے +

(20) پرانی عادت کو چھوڑنا آسان نہیں ہے +

---

holiday	چھٹی
bare-footed	ننگے پاؤں
to solve	حل کرنا
to dismiss	موقوف کرنا
sight	نظارہ
dreadful	بھیانک
safe	محفوظ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE IV.

Sentences beginning with It.

It will take half an hour to reach the Railway Station.

—

ریلوے سٹیشن پر پہنچنے میں آدھ گھنٹہ لگے گا۔

(1) آج چھٹی ہے۔

(2) اس کمرے میں بہت ٹھنڈک ہے۔

(3) اب پونے آٹھ بجے ہیں۔

(4) اب مدرسے جانے کا وقت ہے۔

(5) گھاس میں ننگے پاؤں پھرنا خطرناک ہے۔

(6) کرنے کی نسبت کہنا زیادہ آسان ہے۔

(7) تمہارے لئے ایسا خیال کرنا سخت غلطی ہے۔

(8) اس سوال کو حل کرنا مشکل ہے۔

(9) افسر کے لئے اپنے نوکر کو موقوف کر دینا نامناسب ہے۔

(10) ساری رات جاگتے رہنا بہت مشکل ہے۔

(11) اپنے والدین کا حکم ماننا ہمارا فرض ہے۔

(12) ایسا نظارہ دیکھنا بڑا ہولناک تھا۔

(13) باہر جانے کے لئے زیادہ دیر ہو گئی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE V.

Negative sentences containing

is, was, has, have, etc.

The tank is not deep — تالاب گہرا نہیں ہے۔

They have no shoes — اُن کے پاس جوتہ نہیں ہے

(1) میرے پاس چھتری نہیں ہے +

(2) یہ سکول بڑا نہیں ہے +

(3) وہ ہوشیار نہیں ہے +

(4) میں کل مدرسے میں حاضر نہیں تھا +

(5) ہم اُس سے ناراض نہیں ہیں +

(6) یہ ٹھنڈا دن نہیں ہے +

(7) اُس کا کوئی دشمن نہیں ہے +

(8) اُس کے پاس خوراک نہیں ہے +

(9) ربڑ سخت نہیں ہے +

(10) تمہارا بھائی یہاں نہیں ہے +

(11) ہری رام گھر میں نہیں تھا +

(12) آج آسمان میں بادل نہیں ہیں +

(13) میرے گھر کے نزدیک کوئی کنواں نہیں ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(14) اُس لڑکے کے پاس سلیٹ نہیں تھی ÷

(15) ہاتھی کے دانت نہیں ہوتے ÷

(16) احمد لمبا لڑکا نہیں ہے ÷

(17) اُن کے پاس کپڑے نہیں تھے ÷

(18) وہاں جانا میرا فرض نہیں ہے ÷

(19) ہمارے گاؤں میں ہسپتال نہیں ہے ÷

(20) ابھی چار نہیں بجے ÷

(21) کل چھٹی نہیں تھی ÷

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE VI

Interrogative sentences containing

is, was, has, have, etc.

Is he ill to-day ? کیا وہ آج بیمار ہے؟

Have you a stick ? کیا تمہارے پاس چھڑی ہے؟

---

(1) کیا وہ درستی پر ہے؟

(2) کیا تم ناراض ہو؟

(3) کیا وہ باغ میں ہیں؟

(4) کیا کتاب میز پر تھی؟

(5) کیا اُس کے آنکھیں نہیں ہیں؟

(6) کیا اُن کے پاس قلمیں نہیں ہیں؟

(7) کیا وہ اُسی کی بہن ہے؟

(8) کیا لڑکے میدان میں ہیں؟

(9) کیا موہن لعل پڑھنے کا شائق تھا؟

(10) کیا کمرے میں کوئی لڑکا تھا؟

(11) کیا کسی کو دُکھ دینا بُرا ہے؟

(12) کیا تم اپنے باغ میں آم کے درخت رکھتے ہو؟

(13) کیا لطیف کے پاس چھتری ہے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(14) کیا وہ مجھے دیکھ کر خوش تھا؟
(15) کیا دیوار میں کھڑکیاں نہیں تھیں؟
(16) کیا تمہاری بہن اچھی ہے؟
(17) کیا ہر روز نہانا اچھا ہے؟
(18) کیا وہ کل بھوکا تھا؟

---

fond — شائق۔
to trouble — دکھ دینا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE VII

Revision of the Exercises 1 to 6.

(1) سب تالاب خشک تھے +

(2) پرندے مکان کی چھت پر ہیں +

(3) گائے کے دو سینگ ہوتے ہیں +

(4) بعض کتّوں کے چھوٹی پونچھ ہوتی ہے +

(5) اُس کے باپ کے پاس ایک موٹر ہے +

(6) کل ایک کرکٹ کا میچ تھا +

(7) ہمارے سکول میں ایک پیپل کا درخت ہے +

(8) آج شام کو ہاکی کا میچ ہوگا +

(9) جیتنا بہت مشکل ہوگا +

(10) دن میں سونا بُری عادت ہے +

(11) اس درخت کے اس دفعہ کوئی پھل نہیں رہے +

(12) یہ میری عادت نہیں ہے۔ کہ جھوٹ بولوں +

(13) برتن میں پانی نہیں ہے +

(14) کھیت جوتنے کے لئے اُس کے پاس بیل نہیں ہیں +

(15) کیا اب صبح ہے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۶) کیا تم کل یہاں تھے؟
(۱۷) کیا تمہارے بھائی کے پاس گھڑی ہے؟
(۱۸) کیا اُنہیں وہاں جانے کی ضرورت نہیں ہے؟
(۱۹) کیا لڑکیاں مدرسے میں ہیں؟
(۲۰) کیا کل مجھے دیر ہوگئی تھی؟
(۲۱) کیا اُس کے پاس تیز چاقو ہے۔

---

tail	پونچھ
to tell a lie	جھوٹ بولنا
to be late	دیر ہو جانا
banyan tree	پیپل کا درخت
to plough	ہل چلانا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE VIII.

Present Indefinite Tense (Active Voice)

A bird lives in this tree

ایک پرندہ اس درخت میں رہتا ہے ۔

Birds live in this tree

پرندے اس درخت میں رہتے ہیں ۔

(1) وہ اپنا کام احتیاط سے کرتا ہے ۔
(2) ایک بلی چوہے کے پیچھے دوڑتی ہے ۔
(3) میں ہسپتال جانا چاہتا ہوں ۔
(4) گائیں گھاس کھاتی ہیں ۔
(5) ہری چند اپنے نوکر کو بلاتا ہے ۔
(6) سورج صبح سوا چھ بجے نکلتا ہے ۔
(7) میرا لڑکا ہر روز مدرسے جاتا ہے ۔
(8) لڑکے باغ میں کھیلتے ہیں ۔
(9) کسان کھیت جوتتا ہے ۔
(10) ہمارا استاد ٹھیک وقت پر مدرسے پہنچتا ہے ۔
(11) پرندے اپنے گھونسلے درختوں پر بناتے ہیں ۔
(12) بچہ اپنی ماں کے لئے روتا ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(13) گاڑی راولپنڈی کے لئے آٹھ بجے روانہ ہوتی ہے +
(14) باپ اپنے بچے کو دیکھ کر ہنستا ہے +
(15) دھوبی کپڑے دریا پر دھوتا ہے - اور اپنے گھر سکھاتا ہے +
(16) کسان اپنے کھیت پر جاتا ہے - اور اناج کاٹتا ہے +
(17) استاد بولتا ہے - اور لڑکے فقرہ دہراتے ہیں +
(18) بہت سارے لوگ گاؤں میں رہتے ہیں +
(19) چاول کی فصل کو بہت پانی درکار ہے +

quarter past six	سوا چھ
quarter to six	پونے چھ
half past six	ساڑھے چھ
to start	روانہ ہونا
to cry	رونا
to wash	دھونا
to repeat	دہرانا
washerman	دھوبی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE IX.

Past Indefinite Tense (Active Voice)

It rained heavily yesterday

کل بڑے زور کا مینہ برسا۔

My father lived in Calcutta for seven years

میرا باپ سات سال کلکتہ رہا

(۱) میرے باپ نے مجھے پڑھنا سکھایا +

(۲) ریل گاڑی دو گھنٹہ دیر سے پہنچی +

(3) اُس نے میری کہانی توجہ سے سُنی +

(4) احمد نے اپنے بھائی کو ایک گیند دی +

(5) مالک نے اپنے نوکر کو ڈاک خانے بھیجا +

(6) ہری رام کا چچا اُسے دیکھنے کے لئے یہاں آیا +

(7) میں نے چپڑاسی کو بلایا۔ اور بازار جانے کے لئے کہا +

(8) ایک ریچھ جنگل میں رہتا تھا +

(9) ایک دفعہ اُس نے دو آدمی دیکھے +

(10) اُن میں سے ایک بھاگ گیا +

(11) دوسرا زمین پر لیٹ گیا +

(12) ریچھ اُس کے نزدیک گیا۔ اور اُس کو سونگھا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(13) ریچھ نے آدمی کو مُردہ سمجھ کر چھوڑ دیا +
(14) ایک اندھے آدمی نے گھوڑا خریدا +
(15) وہ اُس پر سوار ہُوا +
(16) اُس نے اپنا نوکر ساتھ لیا +
(17) دونوں ایک گاؤں کے لئے روانہ ہوئے +
(18) راستہ میں اُنہیں ایک چور ملا +
(19) چور نے اُن کا گھوڑا اُن سے زبردستی چھین لیا +
(20) اندھے نے تمام رات سڑک پر گزار دی +
(21) آخرکار صبح ہُئی اور سورج نکلا +
(22) وہ اپنے گھر بڑی مشکل سے پہنچے +

---

to teach	سکھلانا
dead	مُردہ
to meet	ملنا
to smell	سونگھنا
to ride	سوار ہونا
to seize	زبردستی چھین لینا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE X.

Future Indefinite Tense (Active Voice)

I shall go to see him to-morrow

میں اسے ملنے کے لئے کل جاؤں گا۔

He will spend the holidays in Simla

وہ چھٹیاں شملہ میں گذارے گا۔

---

(1) سورج چھ بجے نکلے گا +
(2) کتا بیل کو کاٹ لے گا +
(3) وہ مجھے ملنے کے لئے آئے گا +
(4) بلی دیوار پر بیٹھے گی +
(5) یہ بڑا درخت چوپایوں کو سایہ دے گا +
(6) بچے نئے کپڑے پسند کریں گے +
(7) میرا لڑکا اپنے استادوں کا حکم مانے گا +
(8) برسات کے موسم میں دریا بھر جائے گا +
(9) وہ ڈاکٹر کے پاس دوڑ کر جائے گا +
(10) پرندے صبح ہی آ جائیں گے +
(11) لڑکا اپنی کتابیں صندوق میں رکھے گا +
(12) یہ لیمپ رات کے وقت روشنی دے گا +
(13) شام سے پہلے ہی ہم اپنا کام ختم کریں گے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(14) جب مدرسہ بند ہوگا۔ سب لڑکے اپنے گھروں کو چلے جائیں گے۔

(15) کچھ لڑکے کھیل کے میدان میں فٹ بال کھیلنے جائیں گے۔

(16) کل اسلامیہ اور گورنمنٹ سکول کے لڑکوں کا ہاکی کا میچ ہوگا۔

(17) بھیڑیں ہری ہری گھاس چریں گی۔ اور سوکھی چھوڑ دیں گی۔

(18) ایک بھی لڑکا نہ ہوگا۔ جسے سزا نہ ہوگی۔

---

shade	سایہ
to become full	بھر جانا
to obey	حکم ماننا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

1555

EXERCISE XI.

Present Continuous Tense (Active Voice)

The boys are drilling in the playground

لڑکے میدان میں ڈرل کر رہے ہیں +

(۱) وہ اپنا کام ختم کرنے کی بابت سوچ رہے ہیں +

A 369

(2) پرندے آسمان میں اُڑ رہے ہیں +

(3) میرا بھائی چھت پر پتنگ اُڑا رہا ہے +

(4) بچے تصویروں کو دیکھ رہے ہیں +

(5) کوچوان گھوڑے کو سواری کے لئے سدھا رہا ہے +

(6) مزدور اپنے سروں پر بوجھ لے جا رہے ہیں +

(7) سورج مشرق میں نکل رہا ہے۔ اور تارے چھپ رہے ہیں +

(8) ایک لڑکا دریا کے کنارے پر کھڑا ہے +

(9) وہ سورج کی طرف دیکھ رہا ہے +

(10) دو آدمی دریا میں نہا رہے ہیں اور ایک کپڑے دھو رہا ہے +

(11) مینہ برس رہا ہے۔ اور ہوا چل رہی ہے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(12) پانی نالیوں میں زور سے بہ رہا ہے +

(13) کسان کھیت جوت رہا ہے +

(14) گائیں درختوں کے سایہ میں بیٹھی ہیں +

(15) پانی کے بڑے بڑے قطرے درختوں کے پتّوں سے گر رہے ہیں +

(16) چھوٹے چھوٹے بچّے خوشی کے مارے کھیل اور کود رہے ہیں +

(17) مالی باغ میں آم توڑ رہا ہے +

(18) عورتیں آم خریدنے بازار کو جارہی ہیں +

(19) سُست آدمی ٹھنڈی ہوا میں سو رہے ہیں +

---

to fly	اوڑانا
to disappear	چھپنا
to flow	(پانی کا) بہنا
to pluck	توڑنا
to train	سدھانا
to blow	(ہوا کا) چلنا
to drop	قطرہ کا گرنا
gardener	مالی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XII.

Past Continuous Tense (Active Voice)

He was walking in the garden

وہ باغ میں ٹہل رہا تھا +

---

(۱) چٹھی رساں ڈاک خانہ سے چٹھیاں لے جا رہا تھا +
(۲) کلرک خطوں پر پتے لکھ رہا تھا +
(3) وہ عورت گائے کا دودھ دوہ رہی تھی +
(4) اُس کی بڑی لڑکی کھانا پکا رہی تھی +
(5) چھوٹی لڑکی دودھ پی رہی تھی +
(6) کتّے دروازے پر بیٹھے تھے۔ اور بھونک رہے تھے +
(7) ایک بلّی دیوار پر بیٹھی تھی - اور کتّوں کو دیکھ رہی تھی +
(8) اُس شریف آدمی نے ایک کوٹ اور پتلون پہن رکھی تھی +
(9) وہ تیزی سے سٹیشن کی طرف دوڑا جا رہا تھا +
(10) اُس کے پیچھے ایک قلی اُس کا اسباب لے جا رہا تھا +
(11) سڑک کے کنارے پھل بیچنے والے ٹوکروں میں پھل بیچ رہے تھے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(12) آدمی کھیتوں میں کام کر رہے تھے ۔
(13) کچھ فصل کاٹ رہے تھے اور کچھ پولیاں باندھ رہے تھے ۔
(14) اُستاد بلیک بورڈ پر ایک فقرہ لکھ رہا تھا ۔
(15) لڑکے اُس فقرے کو پڑھنے کی کوشش کر رہے تھے ۔
(16) بعض لڑکے اُس فقرے کی نقل اپنی کاپیوں میں کر رہے تھے ۔
(17) ایک آدمی ایک درخت کے نیچے سو رہا تھا اور اُس کی سوٹی اُس کے پاس پڑی تھی ۔

---

postman	ڈاکیہ
to milk	دودھ دوہنا
to wear	پہننا
to copy	نقل کرنا
address	پتہ
to cook	کھانا پکانا
to bind a sheaf	پولی باندھنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XIII.

Future Continuous Tense (Active Voice)

He will now be going on the road

اب وہ سڑک پر جا رہا ہوگا

---

(۱) دھوبی یہاں روزانہ آتا رہے گا +
(۲) آٹے کی مشین دن رات کام کرتی رہے گی +
(3) یہ لیمپ ہمیشہ میرے کمرے میں لٹکتا رہیگا +
(4) آج شام کو میں پتنگ اُڑاتا رہوں گا +
(5) لڑکے توجہ کے ساتھ اپنے ماسٹر کا لیکچر سُنتے رہیں گے +
(6) بیمار باقاعدہ ڈاکٹر کی دوا استعمال کرتا رہے گا +
(7) اپنے پہرے پر سپاہی اپنی وردی پہنے رہے گا +
(8) پہرہ دار ساری رات ارد گرد چکّر لگاتا رہے گا +
(۹) کسان اپنے کھیت کو دس دن تک جوتتا رہے گا +
(۱۰) بچّہ ساری رات سوتا رہے گا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۱) میں اس مکان میں رہتا رہوں گا۔ جب تک کہ تم آؤ گے +

(۱۲) دو گھنٹے تک آگ جلتی رہے گی +

(13) سارے دن تک فوج کوچ کرتی رہے گی +

(14) میں تمہارا آدھ گھنٹہ تک انتظار کرتا رہوں گا +

(15) جماعت آج سارے دن پڑھتی رہے گی +

(16) ہم سب باغ میں خوشیاں مناتے رہیں گے +

---

flour mill	آٹے کی مشین
medicine	دوا
to wait for	انتظار کرنا
patient	بیمار
uniform	وردی
to enjoy	خوشی منانا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XIV.

Present Perfect Tense (Active Voice)

The clerk has finished his work

کلرک نے اپنا کام ختم کر لیا ہے +

The boys have found their books

لڑکوں نے اپنی کتابیں پالی ہیں۔

---

(۱) وہ اپنے گھر چلا گیا ہے +

(۲) میں یہاں تمہیں دیکھنے کے لئے آیا ہوں +

(3) بلی نے ایک پرندہ پکڑ لیا ہے اور بھاگ گئی ہے +

(۴) اُس نے تمہارے آنے کی بابت سُن لیا ہے +

(5) راجہ نے ایک قلعہ اس دریا کے کنارے بنایا ہے +

(6) عورتیں اپنے بچّوں کو ساتھ لائی ہیں۔

(7) جانوروں نے اپنے گھونسلے اناج کے کھیت میں بنائے ہیں +

(8) ہم نے کسان کو باتیں کرتے ہوئے سُنا ہے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(9) میرے دوست نے میری ہر طرح سے مدد کی ہے ۔

(10) اُنہوں نے وہاں جانے کا پکّا ارادہ کر لیا ہے ۔

(11) میں نے تمہارا خط ڈاک میں ڈال دیا ہے ۔

(12) قُلی نے سارا اسباب گاڑی میں رکھ دیا ہے ۔

(13) میں نے تمہیں جانے کے لئے کہہ دیا ہے ۔

(14) کسان نے کھیت جوت دیا ہے اور چاول بو دیئے ہیں ۔

(15) سورج نکل آیا ہے ۔ اور بادل ہٹ گئے ہیں ۔

(16) میں نے آگرہ کا تاج محل دیکھا ہے ۔ اور وہاں ایک دن رہا ہوں ۔

(17) تم اب آئے ہو ۔ مگر گاڑی چلی گئی ہے ۔

---

fort	قلعہ
to post	ڈاک میں ڈالنا
to resolve	پکّا ارادہ کرنا
to sow	بونا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XV.

Past Perfect Tense (Active Voice)

The train had left before I reached the station

میرے سٹیشن پر پہنچنے سے پہلے ہی گاڑی چلی گئی تھی۔

When the doctor arrived the patient had died

جب ڈاکٹر آیا تو مریض مر چکا تھا۔

---

(۱) مدرسہ بند ہونے سے پہلے ہی لڑکے چلے گئے تھے۔

(۲) جب میں وہاں پہنچا۔ تو وہ کام ختم کر چکا تھا۔

(3) لیکچر شروع ہونے سے پہلے ہی لوگ وہاں جمع ہو گئے تھے۔

(4) جب مالک کھیت پہنچا تو مزدور کھیت کاٹ چکے تھے۔

(5) جب وہ دس میل کے قریب جا چکے۔ تو وہ جنگل کے نزدیک پہنچے۔

(6) سانپ کے گھاس میں پہنچنے سے پہلے ہی میں نے سانپ کو مار دیا۔

(7) تنبیہ کے پیدا ہونے سے پہلے ہی اس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کا باپ مرچکا تھا +

(۸) اُس کے کنوئیں پر پہنچنے سے پہلے ہی بچّہ کنوئیں میں گر پڑا تھا +

(۹) جب ہری چند بارہ برس کا ہوُا تو اُس نے انٹرنس پاس کرلیا تھا +

(۱۰) انجن کے سیٹی دینے سے پہلے ہی ہم گاڑی میں سوار ہوگئے تھے +

(۱۱) جب ہم نے چوکیدار کو جگایا۔ تو وہ دو گھنٹے سو چکا تھا +

(۱۲) پانی گرم کرنے سے پہلے ہی آگ بجھ چکی تھی +

---

to gather, to collect	جمع ہونا
to awaken	جگانا
to go out	بجھ جانا
to whistle	سیٹی دینا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XVI.

Future Perfect Tense (Active Voice)

They shall have finished their meals before you will reach

تمہارے پہنچنے سے پہلے ہی وہ کھانا ختم کر چکیں گے ۔

---

(۱) میرے پہنچنے سے پہلے ہی میرا بھائی خط لکھ چکے گا ۔

(۲) یہ خبر سارے ملک میں پھیل چکے گی۔ پیشتر اس کے کہ تمہارے بھائی کو پتہ لگے گا ۔

(3) تمہارے پکڑنے سے پہلے ہی کبوتر اُڑ چکیں گے ۔

(4) تمہارے جانے سے پہلے ہی وہ سو چکیں گے ۔

(5) جب فوج میدان جنگ میں پہنچے گی۔ تو بادشاہ لڑائی ہار چکے گا ۔

(6) جب تُو آئے گا۔ تو اُس سے پہلے ہی مسافر دریا پار کر چکیں گے ۔

(7) اُستاد کے آنے سے پہلے ہی تمام لڑکے کمرے میں داخل ہو چکیں گے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۸) جب ہم روانہ ہوں گے۔ تو بارش بند ہو چکے گی +

(۹) مدد کے پہنچنے سے پہلے ہی کشتی ڈوب چکے گی +

(۱۰) تمہارے اُٹھنے سے پہلے ہی سورج نکل چکے گا +

(۱۱) مچھلی مر چکے گی۔ پیشتر اس کے کہ مچھیارا مچھلی کو گھر لے جائے گا +

(۱۲) مینہ برسنے سے پہلے ہی ہوا بند ہو چکے گی +

---

to lose the battle	لڑائی ہارنا
flood	رو
fisherman	مچھیارا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XVII

Miscellaneous sentences on the use of Tenses (Indefinite).

---

(۱) یہ کتب فروش پرانی کتابیں بیچتا ہے ۔

(۲) لڑکے میدان میں کھیلتے ہیں ۔

(3) ہری رام نے میری سلیٹ توڑ ڈالی ۔

(۴) فقیر کو کچھ نقدی کی ضرورت ہے ۔

(5) میں نے ایک چھوٹے بچے کو روتے ہوئے دیکھا ۔

(6) مالی اس کھیت میں سبزی اگائے گا ۔

(7) اُس نے میری گھڑی چرانے کی کوشش کی ۔

(8) تمہارا بھائی ہر روز مدرسے دیر سے آتا ہے ۔

(۹) اُستاد شریر لڑکوں کو سزا دے گا ۔

(۱۰) میں صبح ساڑھے پانچ بجے اُٹھوں گا ۔

(۱۱) اُس نے اس کے سامنے سچ کہدیا ۔

(۱۲) دوپہر کو ہر روز ہوا سخت چلتی ہے ۔

(13) گدھے اپنی کمروں پر بھاری بوجھ لے جاتے ہیں ۔

(۱۴) گوپال ہمارے گھر کے پاس ہی رہتا ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(15) لڑکے اپنی کتابیں اپنی ڈسکوں پر ہی چھوڑ گئے +

(16) مجسٹریٹ نے چور کو جیل خانہ میں بھیج دیا +

(17) گاڑی دروازے کے سامنے کھڑی رہے گی +

(18) مسافر نے اپنے ساتھی کا شکریہ ادا کیا +

(19) میرا باپ میرے لئے نئے کپڑے پارسل میں بھیجے گا +

(20) میں خیال کرتا ہوں کہ وہ بے وقوف ہے +

(21) وہ اُمید کرتا ہے۔ کہ امتحان میں پاس ہو جائے گا +

(22) نوکر دروازہ بند کرتا ہے۔ مگر لڑکے اُسے کھول دیتے ہیں +

(23) موہن اُس کا دوست ہے۔ اور اُسے دیکھنے کے لئے ضرور جائے گا +

---

money	نقدی
vegetables	سبزی
to grow	اُگانا
to thank	شکریہ ادا کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XVIII.

Miscellaneous sentences on the use of Tenses (Continuous).

---

(1) وہ شور مچا رہا ہے ۔

(2) لڑکے باغ میں دوڑ رہے تھے ۔

(3) مدرسے میں لڑکیاں گا رہی ہیں ۔

(4) کلرک اپنے دفتر میں کام کر رہا ہوگا ۔

(5) وہ اپنے گھروں کو چھٹیوں پر جا رہے تھے ۔

(6) ہم شملہ جانے کا خیال کر رہے ہیں ۔

(7) آدمی پاگل کتے کے پیچھے دوڑ رہے ہیں ۔

(8) بچہ اپنی ماں کے پیچھے آ رہا تھا ۔

(9) لڑکے دوپہر کو کرکٹ کھیلتے ہوں گے ۔

(10) افسر اپنے نوکروں کو سزا دے رہا تھا ۔

(11) اُستاد پڑھا رہا ہے ۔ اور لڑکے سُن رہے ہیں ۔

(12) جب میں اُس کے مکان پر گیا ۔ تو وہ نہا رہا تھا ۔

(13) رام سنگھ باغ میں ٹہل رہا ہے ۔ اور مالی کو درخت لگاتے ہوئے دیکھ رہا ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(14) ڈاکیہ لڑکوں کے لئے چٹھیاں لا رہا تھا - اور بچہ پڑھ رہا تھا ؛

(15) عورتیں اپنے کپڑے دریا میں دھو رہی ہیں ؛

(16) ہمارے کپڑے ہوا میں سوکھ رہے ہیں ؛

(17) نوکر میرے لئے پانی اُبال رہا تھا ؛

(18) ہوا تیز چل رہی ہے - اور جہاز ڈوب رہا ہوگا ؛

(19) لڑکے پیاسے ہیں - اور ٹونٹی پر پانی پی رہے ہیں ؛

(20) ماں دیکھ رہی ہے - کہ اُس کا بچّہ رو رہا ہے ؛

(21) جب بڈھا آدمی مر رہا تھا - اُس کے لڑکے چاروں طرف کھڑے تھے - اور رو رہے تھے ؛

---

address	پتہ
tap	ٹونٹی
to boil	اُبالنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XIX.

Miscellaneous sentences on the use of Perfect Tenses.

---

(۱) اُنہوں نے شیر کو جاتے ہوئے دیکھ لیا ہے ٭

(۲) تمام بڑے بڑے آدمی اس بچّے کو دیکھنے کے لئے آئے ہیں ٭

(۳) اُس نے دیکھا۔ کہ اُس کا لڑکا مر گیا تھا ٭

(۴) جب گاڑی آئی۔ تو لڑکا سٹیشن پر پہنچ چکا تھا ٭

(۵) جب پلیس والا آئے گا۔ تو چور بھاگ چُکے گا ٭

(۶) جب اُس کا لڑکا پیدا ہُوا۔ تو وہ دس برس تک حکومت کر چُکا تھا ٭

(۷) میرا بھائی دہلی میں چار سال رہا ہے ٭

(۸) جب ہم جاگے۔ تو سورج نکل آیا تھا ٭

(۹) شام ہونے سے پہلے حمید اپنا کام ختم کر چُکے گا ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۵) مینہ بند ہو گیا ہے۔ اور بادل بکھر گئے ہیں +

(۱۱) تمہارا خط پہنچنے سے پہلے ہی وہ مدراس چلا گیا تھا +

(۱۲) میرے ڈاک خانے پہنچنے سے پہلے ہی ڈاکخانہ بند ہو چکا تھا +

(۱۳) تمہارے بھائی نے اپنی کامیابی کی خبر سُن لی ہے +

(۱۴) تمہارے بندوق چلانے سے پہلے ہی پرندے اُڑ چکیں گے +

(۱۵) میں نے سُنا ہے۔ کہ تمہیں ایک عمدہ نوکری مل گئی ہے +

(۱۶) یہ پودا جلدی ہی ایک بڑا سایہ دار درخت بن گیا ہے +

(۱۷) اندھیرا ہونے سے پہلے ہی لیمپ جلا دیئے گئے تھے +

---

to rule	حکومت کرنا
job	نوکری
to fire	بندوق چلانا
to light	جلانا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XX.

Miscellaneous Exercises on the use of the different forms of the Present Tense.

---

(۱) ایک لڑکا دریا کے کنارے پر کھڑا ہے ۔
(۲) اُس کے بائیں ہاتھ میں ایک چھڑی ہے ۔
(۳) باغ میں بہت خوبصورت پھول ہیں ۔
(۴) جب صبح ہوتی ہے۔ تو ماں اپنے بچّوں کو جگاتی ہے ۔
(۵) ہمارے مکان کے پاس ایک بڑا درخت ہے ۔
(۶) گرمی میں یہ درخت بڑا خوشگوار سایہ دیتا ہے ۔
(۷) گھڑی نے چار بجائے ہیں ۔
(۸) گھنٹہ بج رہا ہے۔ اور لڑکے مدرسے کو بھاگے جا رہے ہیں ۔
(۹) بہت سارے آدمی گاؤں میں رہتے ہیں مگر وہ جنگل میں رہتا ہے ۔
(۱۰) کچن میں نوکر آگ جلاتا ہے۔ اور پانی گرم کرتا ہے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۱) بادشاہ آتا ہے اور اپنی ملکہ کو اپنے محل میں لے جاتا ہے ٭

(۱۲) میں اپنی کتابیں ڈسک میں رکھتا ہوں - مگر وہ اپنی کتابیں بنچ پر رکھتا ہے ٭

(۱۳) وہ اپنی سلیٹ ہر روز مدرسے لے جاتا ہے۔ اور اُس پر لکھتا ہے ٭

(۱۴) لڑکے قلم اور دوات مدرسے لے جاتے ہیں - اور کاپیوں پر لکھتے ہیں ٭

(۱۵) لکڑ ہارا ہر روز جنگل کو جاتا ہے - اور وہاں درختوں کو کاٹتا ہے ٭

(۱۶) وہ ابھی کھانا کھا رہا ہے - مگر میں نے اپنے کپڑے بھی پہن لئے ہیں ٭

(۱۷) وہ خیال کرتے ہیں - کہ مجھے دیر ہو گئی ہے ٭

---

to awaken	جگانا
strike	(گھڑی کا) بجانا
to have one's meals.	کھانا کھانا
pleasant	خوشگوار
wood-cutter	لکڑ ہارا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXI.

Miscellaneous Exercises on the use of the different forms of the Past Tense

---

(۱) میں نے نوجوان آدمی کو بھاگتے ہوئے دیکھا +

(۲) جب ہم روانہ ہوئے۔ تو ہوا بند ہو چکی تھی +

(۳) پُرانے زمانے میں ایک دریا ہمارے شہر کے پاس سے بہتا تھا +

(۴) میرے ماں باپ اور سب رشتہ دار اُس شہر میں رہتے تھے +

(۵) سارے آدمی یہ نظارہ دیکھ رہے تھے اور رو رہے تھے +

(۶) اُس عورت نے مجھے اُس کی مدد کرنے کے لئے کہا +

(۷) ہماری ٹیم نے ٹاس جیتا۔ اور ہم فیلڈ کرنے لگے +

(۸) تھوڑی دیر کے بعد دوسری طرف کا ایک کھلاڑی بیٹ لے کر آیا۔ اور کھیلنا شروع کیا +

(۹) ہمارے بالر نے گیند لی اور وکٹوں کے پیچھے کھڑا ہو گیا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۰) ایک بھیڑیا ایک چشمے پر پانی پی رہا تھا +

(۱۱) دو بھیڑوں کے بچّے بھی اُسی چشمہ پر پانی پی رہے تھے +

(۱۲) پانی بھیڑیے کی طرف سے بھیڑ کے بچّے کی طرف بہ رہا تھا +

(۱۳) بھیڑئے نے بھیڑ کے بچّے کو دیکھا اور اُس کی طرف دوڑ کر گیا +

(۱۴) بھیڑ سے پہلے ہی بھیڑیے نے پانی پی لیا تھا +

(۱۵) کھیت کاٹنے سے پہلے ہی فصل پک چکی تھی +

(۱۶) کاٹنے والے فصل کاٹ رہے تھے - اور پولیاں باندھ رہے تھے +

(۱۷) کام شروع کرنے سے پہلے میں نے ایک نئی تجویز سوچ لی تھی +

(۱۸) بچّوں نے اپنی ماں کو چوما اور اپنے بستروں پر چلے گئے +

(۱۹) اُنھوں نے سب کو خوش کرنے کی کوشش کی - مگر کسی کو بھی خوش نہ کر سکے +

---

stream	چشمہ
to ripen	پکنا
to flow	بہنا
to reap	کاٹنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXII.

Miscellaneous Exercises on the use of the different forms of the Future Tense.

---

(۱) وہ اپنے گھر کے آگے کھڑا رہے گا +

(۲) جب شیر دھاڑے گا۔ تو سارے جانور کانپ جائیں گے +

(۳) ہم وہاں پرندوں کو گاتے ہوئے سنیں گے +

(۴) وہ اپنے گھر آج جائیں گے ۔ مگر میں کل جاؤں گا +

(۵) تمہیں مل جائے گا۔ جو کچھ تم چاہتے ہو +

(۶) لڑکے دریا میں نہا رہے ہوں گے +

(۷) اُنہیں وہاں جانے میں کوئی مشکل نہ ہوگی +

(۸) لڑکے کھیل چکے ہوں گے +

(۹) تمہارا بھائی دریا کے کنارے سیر کر رہا ہو گا +

(۱۰) جب میں اُس کے مکان پر پہنچوں گا۔ تو وہ باہر چلا گیا ہوگا +

(۱۱) اگر تم محنت کرو ـ تو ضرور پاس ہو جاؤ گے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(12) کل چھٹی ہوگی اور مدرسہ پرسوں کھُلے گا +
(13) مینہ دو گھنٹہ تک برستا رہیگا- اور کہتے ہیں- پُرانے مکان گر جائیں گے +
(14) پیشتر اس کے کہ تم آؤ گے - وہ خط لکھ چُکے گا +
(15) جب تک میرا بھائی آئے گا- میں چلا بھی جاؤں گا +
(16) ماسٹر صاحب کے آنے سے پہلے ہیں اپنا سبق یاد کر چُکوں گا +
(17) مدد پہنچنے سے پہلے ہی گھوڑا مر چُکے گا +
(18) پہلوان ایک گھنٹے تک کُشتی کرتے رہیں گے +
(19) لڑکے چار بجے تک اپنا سبق یاد کرتے رہیں گے +
(20) دونوں بھائی کل جہاز میں روانہ ہوں گے- اور ایک سال تک باہر رہیں گے +

---

to tremble	کانپ جانا
to wrestle	کُشتی کرنا
to work hard	محنت کرنا
wrestlers	پہلوان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXIII.

Miscellaneous Exercises on different Tenses.

(۱) وہ اپنے ملک کو پیار کرتا ہے۔ اور ہم اپنے ملک کو پیار کرتے ہیں ٭

(۲) ہر ایک آدمی اپنے ملک کی تعریف کرتا ہے۔ اور اپنے مذہب کو اچھا سمجھتا ہے ٭

(۳) مجھے خیال ہے کہ کل مینہ برسے گا ٭

(۴) ایک دن ہمارے ماسٹر صاحب نے سب لڑکوں کو کھانا کھانے کے لئے اپنے مکان پر بلایا ٭

(۵) کھجور کا درخت بہت مفید ہوتا ہے ٭

(۶) یہ گرم ملکوں میں اُگتا ہے ٭

(۷) یہ لڑکا لیٹر بکس میں چٹھیاں ڈال رہا ہے ٭

(۸) تم نے بھی کل اسی میں ایک خط ڈالا تھا ٭

(۹) میں اُمید کرتا ہوں۔ کہ کل میں بھی اسی میں خط ڈالوں گا ٭

(۱۰) عبد اللہ ایک کھیت کے نزدیک پتنگ اُڑا رہا تھا ٭

(۱۱) کسان کھیت میں دو بیلوں کے ساتھ ہل چلا رہا تھا ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۲) وہ اُس میں چاول بوئے گا +

(13) کسان نے چاول کے بیج کھیت میں بکھیر دئے ہیں +

(۱۴) چاول کا پودا بہت جلدی نکل آتا ہے +

(15) چند مہینوں کے بعد کاٹنے والا آتا ہے۔ اور پودوں کو کاٹ ڈالتا ہے +

(۱۶) ایک نوجوان شہزادہ ایک جنگل میں شکار کھیلنے کے لئے گیا +

(۱۷) دن گرم ہوگیا۔ اور وہ ایک درخت کے نیچے لیٹ گیا +

(۱۸) جب وہ سو رہا ہوگا۔ ایک سانپ بھٹ میں سے نکل آئے گا۔ اور شہزادے کو کاٹ لے گا +

(۱۹) کسی حکیم کے آنے سے پہلے ہی شہزادہ مر چکے گا +

(۲۰) میں نے یہ کہانی سُن رکھی ہے +

---

to invite	بُلانا
palm tree	کھجور کا درخت
to hunt	شکار کھیلنا
to grow	اُگنا
to praise	تعریف کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXIV.

Miscellaneous Exercises on different Tenses.

(۱) جب وہ سڑک پر چل رہا تھا۔ تو اُس کے پاس ایک غریب فقیر آیا ÷

(۲) میں نے بہت سی لڑائیاں لڑی ہیں۔ مگر یہ لڑائی بہت سخت ہے ÷

(3) پرماتما اُس کی مدد کرتا ہے۔ جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں ÷

(۴) اگر اُس نے مجھے ایک کاپی دی ہے۔ تو میں نے اُسے ایک سلیٹ دی تھی ÷

(5) جب مینہ زمین پر پڑتا ہے۔ تو چاروں طرف بہہ جاتا ہے ÷

(6) جب زور کا مینہ برستا ہے۔ تو دریا بھر جاتے ہیں ÷

(7) کل زور کا مینہ برسا تھا۔ اور دریا بڑے زور سے بہہ رہے تھے ÷

(8) لڑکا اُس جانور کو باغ میں لے گیا۔ اور درخت کی ایک شاخ پر رکھدیا ÷

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۹) جب وہ اپنا صندوق کھولے گا۔ تو اُسے خالی پائے گا +

(۱۰) مجھے یقین ہے۔کہ یہ تجویز بڑی مفید ہوگی +

(۱۱) میرے پاس چھتری نہیں تھی۔اس لئے میں مدرسے نہیں گیا تھا۔

(۱۲) جب چور کمرے میں داخل ہوگا۔ تو چوکیدار وہاں آپہنچے گا +

(۱۳) وہ صندوق باہر نکال کر لاتا ہے۔اور اُسے کھولنے لگتا ہے +

(۱۴) اُس نے ابھی صندوق کھولا نہیں تھا۔کہ پولیس والا آن پہنچا۔ اور اُسے گرفتار کرلیا +

(۱۵) میری بھی یہی رائے تھی۔ مگر تمہاری رائے ہمیشہ غلط رہی ہے +

(۱۶) جب وہ وہاں پہنچے تو اُنھوں نے چوکیدار کو سویا ہوا پایا +

خالی	empty
گرفتار کرنا	to arrest

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXV.

Present and Past Perfect Continuous Tenses

He has been suffering from fever for four days.

اُسے چار دن سے بخار آتا ہے۔

He has been living in Amritsar since 1921.

وہ ۱۹۲۱ء سے امرت سر رہتا ہے۔

Note.—For is used for period of time and since for point of time.

---

(۱) وہ عورت صبح سے سبزی بیچ رہی ہے +

(۲) لڑکیاں ڈیڑھ گھنٹہ سے گا رہی ہیں +

(3) میں اپنے بھائی کے پاس سوموار سے ٹھیرا ہوا ہوں +

(4) ہوا سارے دن زور سے چلتی رہی +

(5) جب میں آیا تو وہ دو گھنٹوں سے چٹھیاں لکھ رہا تھا +

(6) ہم اتنی دیر سے سفر کرتے رہے تھے - کہ ہم بالکل تھک گئے تھے +

(7) یہ بچّے بہت دیر سے اپنی ماں کی تلاش کرتے رہے ہیں +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۸) سورج نکلنے کے وقت سے دھوبی کپڑے دھوتا رہا ہے ۔

(۹) وہ دو گھنٹے سے ہمارا انتظار کر رہے تھے جب ہم وہاں پہنچے ۔

(۱۰) سورج چھپنے کے وقت سے ہی پہرے دار سو رہا تھا ۔

(۱۱) جب سے میں آیا ہوں۔ وہ ہنستی اور مسکراتی رہی ہے ۔

(۱۲) جب سے دنیا بنی ہے۔ یہ دریا اسی جگہ بہتا رہا ہے ۔

(۱۳) میں دس بجے سے اس سے پوچھ رہا ہوں۔ مگر اس نے بالکل جواب نہیں دیا ہے ۔

(۱۴) ڈاکٹر دو ہفتے سے میرا علاج کر رہا تھا جبکہ مجھے فائدہ ہوا ۔

(۱۵) میں جانتا ہوں کہ وہ دس سال سے یہ کام کر رہا ہے ۔

(۱۶) وہ سوموار سے غیر حاضر ہے ۔

to travel	سفر کرنا
to smile	مسکرانا
to search	تلاش کرنا
to treat	علاج کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXVI.

Passive Forms of the Present Tense.

The snake is killed سانپ مارا گیا ہے

The snake is being killed سانپ مارا جا رہا ہے

The snake has been killed سانپ مارا جا چکا ہے

---

(١) کتاب سفید کاغذ پر چھپتی ہے +

(۲) بیج زمین میں بویا جاتا ہے +

(3) کپڑے دُھوپ میں سکھائے جاتے ہیں +

(4) کمرے کا دروازہ کھول دیا گیا ہے +

(5) چور چھوڑ دیا گیا ہے +

(6) لڑکوں کو سزا مل رہی ہے +

(۷) ایسی بات پہلے نہیں سُنی گئی ہے +

(۸) ایسا نظارہ پہلی دفعہ ہی دیکھا گیا ہے +

(۹) یہ گیت آج ہی گایا جا رہا ہے +

(١٠) میری سلیٹ ٹوٹی ہوئی ہے +

(١١) میری تمام کتابیں چرا لی گئی ہیں +

(١٢) میرا کھیت جوتا جا رہا ہے +

(13) چور بھاگ گیا تھا۔ مگر اب پکڑ لیا گیا ہے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۴) میری ٹانگ میں چوٹ لگی ہے +
(۱۵) میرے چچا کے لڑائی میں زخم لگا ہے +
(۱۶) گھوڑے کی قیمت ادا کردی گئی ہے +
(۱۷) تمہاری کرسی لوہے کی بنی ہے +
(۱۸) میرا کرتا پھٹا ہوا ہے +
(۱۹) یہ پھل گرم ملکوں میں ہی پایا جاتا ہے +
(۲۰) میں اب بالکل تھک گیا ہوں +
(۲۱) تمہاری چٹھی مل گئی ہے +
(۲۲) دیانت دار آدمی کی سب جگہ ضرورت ہے +
(۲۳) یہ گھڑی میرے بھائی کو دی گئی ہے +
(۲۴) یہ سبق یاد ہوگیا ہے +

---

to print	چھاپنا
sight, spectacle	نظارہ
to set free	چھوڑ دینا
to wound	زخم لگانا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXVII.

Passive forms of the Past Tense.

He was punished
اُس کو سزا ملی۔

The boy had been expelled from the school
لڑکا مدرسہ سے نکال دیا گیا تھا۔

The house was being built- مکان بنایا جا رہا تھا

---

(۱) یہ گھوڑا خرید لیا گیا تھا +
(۲) نقشہ دیوار پر لٹکا دیا گیا +
(3) راستے میں بہت تکالیف برداشت کی گئی تھیں +
(4) کھوئی ہوئی کتاب کل مل گئی +
(5) لڑکوں کو انعام دیا جا رہا تھا +
(6) خرگوش نے اپنے آپ کو جھاڑی کے پیچھے چھپا لیا تھا +
(7) جب سکول کھلا تو گھنٹہ بجا دیا گیا +
(8) کل شکار میں ایک بڑا شیر بھی مارا گیا +
(9) یہ لیمپ گوپال داس کی دوکان سے خریدا گیا تھا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۰) یہ کام چار گھنٹوں میں ختم ہوا +

(۱۱) اُس کا مکان بذریعہ نیلامی بیچا جا رہا تھا +

(۱۲) لڑکے نئے طریقے سے پڑھائے جا رہے تھے +

(13) اُسے کئی دفعہ کہہ دیا گیا - کہ شور نہ کرے +

(۱۴) وہ بڑا ہوشیار سمجھا جاتا تھا +

(15) انہیں کمرے میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی +

(۱۶) آخرکار درخت کی شاخ جُھکا لی گئی +

(۱۷) لیمپ بہت مشکل سے جلایا گیا +

(۱۸) چوروں کو جیل خانہ میں بھیج دیا گیا +

(۱۹) اُن لڑکوں کی زندگیاں برباد کی جا رہی تھیں +

(۲۰) کتاب چھپ رہی تھی +

to-bear	برداشت کرنا
hunt	شکار
to ruin	برباد کرنا
to hide	چھپنا
auction	نیلامی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXVIII.

Passive forms of Future Tense.

The cricket match will be played to-morrow

کرکٹ میچ کل کھیلا جائے گا۔

The work will have been finished before you shall come

تمہارے آنے سے پہلے ہی کام ختم ہو چکے گا۔

---

(۱) اگر تم شور مچاؤ گے۔ تو سزا پاؤ گے۔
(۲) گھوڑا جلدی ہی بیچ دیا جائے گا۔
(3) اگر میں زیادہ دیر تک کام کروں گا۔ تو تھک جاؤں گا۔
(۴) خوش خبری جلدی ہی سنی جائے گی؟
(5) اب تک چور پکڑا جا چکا ہو گا۔
(6) رام پرکاش جماعت میں اوّل نکلا ہے۔ اس لئے اُسے انعام دیا جائے گا۔
(۷) شہر دو میل کے فاصلے سے دکھائی دے گا۔
(8) برسات شروع ہونے سے پہلے مکان بن چکے گا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۹) یہ سبق کل پڑھایا جائے گا +
(۱۰) یہ کھیت جلدی کاٹ لیا جائے گا +
(۱۱) یہ خط ریلوے کے ڈاک خانہ میں ڈالا
جائے گا +
(۱۲) علی محمد کے چوٹ لگی ہے۔ اور اُسے ہسپتال
لے جایا جائے گا +
(۱۳) ہماری جماعت کا امتحان کل لیا جائے
گا +
(۱۴) ایک سچے لڑکے کا ہمیشہ اعتبار کیا
جائے گا +
(۱۵) یہ کھیت دوبارہ جوتا جائے گا - اور پھر
اس میں گیہوں بویا جائے گا +
(۱۶) دریا پر ایک کشتیوں کا پُل بنایا جائے
گا +
(۱۷) یہ کام ختم ہو جائے گا +
(۱۸) تمام پُرانا سامان باہر پھینک دیا جائے
گا +

اعتبار کرنا — **to trust**
سامان — **furniture**

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXIX.

Miscellaneous Exercises on the Passive form of different Tenses.

---

(۱) کتّے کو مشکل سے بچایا گیا ٭

(۲) گیند کنوئیں میں پھینک دی گئی ٭

(3) میرا خیال ہے۔ کہ میری مدد کی جائے گی ٭

(4) اُس کا علاج ایک تجربہ کار ڈاکٹر سے کرایا جا رہا ہے ٭

(5) تمہاری کتاب کل واپس کر دی جائے گی ٭

(6) لڑکے کو اُس کے ہیڈ ماسٹر کے پاس لے جایا گیا ٭

(۷) یہ بعد ازاں دیکھ لیا جائے گا ٭

(8) وہ بہت ڈر گیا تھا ٭

(۹) اُس کی گائے کھوئی گئی ہے۔ مگر جلدی مل جائے گی ٭

(۱۰) مجھے جنگل میں بھیجا جا رہا تھا۔ مگر مجھے راستہ میں ہی چھوڑ دیا گیا ٭

(۱۱) یہ میچ بہت آسانی سے جیتا گیا ہے ٭

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۲) اسمٰعیل کو کرکٹ ٹیم کا کپتان بنایا گیا ہے +

(13) وہ نِکّو کے نام سے پکارا جاتا ہے +

(14) دشمنوں کو شہر سے نکال دیا گیا تھا +

(15) نکلسن کو انگریزی فوجوں کا کمانڈر چُنا گیا +

(16) لڑائی میں نکلسن کے گولی لگی - اور اُسے اُٹھا کر کیمپ میں لے جایا گیا +

(۱۷) زمین ہر جگہ ہری ہری گھاس سے ڈھپنی ہوئی ہے +

(18) گھوڑا سڑک پر بھاگا جاتا ہوا دیکھا گیا +

(۱۹) دریا کشتیوں کے ذریعے سے عبور کیا گیا +

(۲۰) بادشاہ کی لڑکی کی شادی ایک نوجوان شہزادے کے ساتھ ہوئی +

---

to be afraid	ڈر جانا
to drive out	نکال دینا
to select	چُننا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXX.

Interrogative sentences—Present Indefinite Tense.

Does Govind walk slowly ? کیا گوبند آہستہ چلتا ہے؟

Do the boys walk slowly ? کیا لڑکے آہستہ چلتے ہیں؟

Do you walk slowly ? کیا تم آہستہ چلتے ہو؟

---

(۱) کیا خرگوش خندق کے اوپر سے کودتا ہے؟

(۲) کیا وہ بہت ناراض ہوتے ہیں؟

(3) کیا تمہارا لڑکا انگریزی سیکھتا ہے؟

(۴) کیا تمہارا ماسٹر شہر میں رہتا ہے - یا گاؤں میں؟

(5) کیا لڑکے کھیلنے کے میدان کو جاتے ہیں؟

(6) کیا اُس کا کتّا اجنبی آدمیوں کو بھونکتا ہے؟

(7) کیا پریتم لال اپنے باپ کے ساتھ جاتا ہے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(8) کیا چوکیدار رات کو پہرہ دیتا ہے؟
(9) کیا تمہاری گائے بہت دودھ دیتی ہے؟
(10) کیا یہ بچے اپنی ماں کو پیار کرتے ہیں؟
(11) کیا وہ اپنے بھائی کو بلاتا ہے؟
(12) کیا تم سب لاہور جانا چاہتے ہو؟
(13) کیا اُلّو دن کو سوتا ہے۔ اور رات کو جاگتا ہے؟
(14) کیا تم مجھے بے وقوف خیال کرتے ہو؟
(15) کیا وہ اپنی عزت کی پرواہ کرتا ہے؟
(16) کیا پرندے گھونسلا بنانا چاہتے ہیں؟
(17) کیا وہ ہمیشہ سچ ہی بولتا ہے؟
(18) کیا لڑکا شور مچاتا ہے؟
(19) کیا وہ بھاری بوجھ لے جاتا ہے؟
(20) کیا کوئی گاڑی صبح کے چھ بجے روانہ ہوتی ہے؟

Stranger	اجنبی آدمی
to care for	پروا کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXI.

Interrogative Sentences—Past Indefinite Tense

Did he stand beside his father ?

کیا وہ اپنے باپ کے پاس کھڑا ہوا؟

Did you teach him to read ?

کیا تم نے اُسے پڑھنا سکھایا؟

---

(۱) کیا تم اکبر علی کو جانتے تھے؟

(۲) کیا تمہارے ماسٹر صاحب تم سے بولے تھے؟

(3) کیا تم نے لڑکے کو دروازے پر روتے دیکھا؟

(۴) کیا اُس نے گھوڑا ٹھیرا لیا۔ جب اُس نے تمہیں دیکھا؟

(5) کیا لڑکا ملکہ کو دیکھنا چاہتا تھا؟

(۶) کیا شہزادے نے چھوٹے لڑکے کا ہاتھ پکڑا؟

(۷) کیا اُس کے بھائی نے اپنا وعدہ پورا کیا؟

(8) کیا کمشنر صاحب نے بہادر سپاہی کو پانچ سو روپیہ دیا؟

(۹) کیا سب لڑکے اپنا سبق بھول گئے؟

(۱۰) کیا بادشاہ نے اُس غریب آدمی کے جھونپڑے میں جانے کی تکلیف گوارا کی؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(11) کیا تمام افسر اُس کی بیوقوفی پر ہنسے؟
(12) کیا سوہن لعل نے وہی کیا۔ جو اُس کے بزرگ کیا کرتے تھے؟
(13) کیا اُنہوں نے باغ میں پھلدار درخت لگائے؟
(14) کیا وہ یہاں دو سال تک رہے؟
(15) کیا لڑکوں نے اُس درخت کا پھل کھایا؟
(16) کیا اُس جانور کی بڑی چونچ تھی؟
(17) کیا تم نے بہت سارے چمگادڑ آتے ہوئے دیکھے؟
(18) کیا دوکاندار نے تمہیں دھوکھا دینے کی کوشش کی؟
(19) کیا وہ اپنے سردار کے پاس اُس کی صلاح لینے گیا؟

---

to take by the hand	ہاتھ پکڑنا
to keep one's word	وعدہ پورا کرنا
to take the trouble	تکلیف گوارا کرنا
forefathers	بزرگ
to plant trees	درخت لگانا
leader	سردار
to consult	صلاح لینا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXII.

Interrogative Sentences—all the Tenses.

Will you tell me where he is?

کیا تم مجھے بتلاؤ گے کہ وہ کہاں ہے؟

Has he been living here for a very long time?

کیا وہ یہاں بہت عرصہ سے رہ رہا ہے؟

---

(۱) کیا وہ دو ہفتے سے غیر حاضر ہے؟

(۲) کیا اُنھوں نے اپنا دعویٰ چھوڑ دیا تھا؟

(3) کیا اُس نے یہ سب تکلیف فضول ہی اُٹھائی ہے؟

(4) کیا تم اپنے افسروں کے سامنے ادب سے بولو گے؟

(5) کیا وہ لڑکے کو گھر لے جا رہا تھا؟

(6) کیا کتّا اُس لڑکی کے پیچھے دوڑ رہا ہے؟

(7) کیا لڑکے کو سخت سزا ملی تھی؟

(8) کیا گرم پانی سے نہاؤ گے؟

(9) کیا جب انسپکٹر صاحب آئے۔ تو تمہارے ہیڈ ماسٹر صاحب نے اپنی ٹوپی اُتار لی تھی؟

(۱۰) کیا دونوں دوست سفر کے لئے روانہ ہو رہے ہیں؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(11) کیا وہ مینہ سے پہلے گھر پہنچ گیا ہوگا؟

(12) کیا تمہارا چچا بوڑھا ہو گیا ہے؟

(13) کیا تم نے اپنے باپ کی نصیحت مان لی ہے؟

(14) کیا ہمیں میٹنگ میں دیر ہو گئی تھی؟

(15) کیا آم کا درخت گرم ملکوں میں اچھا اُگتا ہے؟

(16) کیا برسات کا موسم شروع ہو گیا ہے؟

(17) کیا وہ ساری رات ہنستے اور ناچتے رہے تھے؟

(18) کیا تم نے یہ کام کیا؟

(19) کیا ماسٹر صاحب نے لڑکے کو ہر روز آنے کے لئے کہا؟

(20) کیا سب لڑکوں نے اُس کو شور مچاتے ہوئے سُنا؟

---

to give up the claim — دعوےٰ چھوڑ دینا

for nothing — فضول

to take off — اُتارنا

respectfully — ادب کیساتھ

to grow old — بوڑھا ہوجانا

to set out — روانہ ہونا

to take the advice — نصیحت ماننا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXIII.

Negative Sentences—Present Indefinite Tense.

He does not go to the fair — وہ میلے میں نہیں جاتا

The boys do not go to the playground

لڑکے کھیل کے میدان میں نہیں جاتے۔

---

(۱) ریل گاڑی آٹھ بجے نہیں جاتی +

(۲) وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا +

(3) چھوٹے لڑکے پانچ بجے صبح نہیں اُٹھتے +

(۴) میں ٹکٹ نہیں خریدتا +

(5) ہم اپنے گھر جانا نہیں چاہتے +

(6) یہ چیز ہمیں خوشی نہیں دیتی +

(7) لڑکا اپنے ماسٹر صاحب کے سوالوں کا جواب نہیں دیتا +

(8) تم ہربنس لال کو نہیں جانتے۔ تمہارا بھائی جانتا ہے +

(۹) وہ سب ایک جگہ نہیں بیٹھتے +

(۱۰) میں نہیں کرتا۔ جو کچھ کہ وہ کرتا ہے +

(۱۱) ماں اپنے بچے کو نہیں مارتی۔ مگر اُس کا باپ مارتا ہے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۲) باپ بچّے کو گود میں نہیں لیتا - مگر اُس کی ماں لیتی ہے +

(13) وہ ڈاکٹر صاحب کو نہیں بُلاتے +

(14) ہم اپنے ساتھ چھتریاں نہیں لاتے +

(15) یہ لڑکی ایسا اچھا نہیں گاتی - جیسا کہ اُس کی بہن گاتی ہے +

(16) بچّہ اپنی آنکھیں ابھی نہیں کھولتا +

(17) ایک دیانت دار آدمی کسی کو دھوکا نہیں دیتا +

(18) کوّے بہت اونچا نہیں اُڑتے +

(19) گھوڑا فوراً نہیں ٹھیرتا +

(۲۰) وہ کوئی کام جلدی نہیں کرتا +

to beat	مارنا
to take in the lap	گود میں لینا
to send for	بُلانا
to deceive	دھوکا دینا
in a hurry	جلدی میں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXIV.

Negative Sentences—Past Indefinite Tense.

The dog did not kill the hare.

کتّے نے خرگوش نہیں مارا +

They did not speak وہ نہیں بولے -

---

(۱) اُنہیں دُنیا کا زیادہ پتہ نہیں تھا +

(۲) وہ جلدی نہیں آیا +

(3) چپراسی نے ہمیں اندر نہیں آنے دیا +

(۴) اُنہوں نے مجھ میں کوئی نقص نہیں نکالا +

(۵) میں نے کتّے کو آتے ہوئے نہیں دیکھا +

(۶) کبوتر جال میں نہیں پھنسا +

(۷) فقیر نے اُس کی مہربانی کے لئے امیر آدمی کا شکریہ نہیں ادا کیا +

(8) میری بیماری میں تم مجھے ملنے کے لئے نہیں آئے +

(۹) چور میری گھڑی تو لے گیا۔ مگر کوٹ نہیں لے گیا +

(۱۰) اُس نے اپنا خزانہ اپنے گھر میں نہیں رکھا +

(۱۱) امیر آدمی نے اپنی موت کے وقت اپنے لڑکوں کو نہیں بُلایا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۲) اُس نے اپنی جائداد اپنے لڑکوں میں برابر تقسیم نہیں کی +

(13) اُنہوں نے کسی کو اُن کی مدد کرنے کے لئے نہیں کہا +

(14) مجسٹریٹ نے جو کچھ اُس نے کہنا تھا۔ نہیں سُنا +

(15) سوداگر نے اُس کا عزت کے ساتھ استقبال نہیں کیا +

(16) لڑکے نے اپنا انعام نہیں لیا۔ کیونکہ وہ وقت پر نہیں پہنچا +

(۱۷) میں نے تمہارے لڑکے کی دانائی کی تعریف نہیں کی +

(۱۸) وہ بھُوکا نہیں آیا۔ اس لئے اُس نے کچھ نہیں کھایا +

---

to find fault	نقص نکالنا
to be caught in the net	جال میں پھنسنا
treasure	خزانہ
to praise	تعریف کرنا
to receive	استقبال کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXV.

Negative Sentences—all the Tenses

(۱) مرغی ہر روز انڈا نہیں دیتی +

(2) تم نے اُس کی گائے نہیں خریدی +

(3) یہ خیال لڑکے کے دل میں نہیں آیا +

(۴) وہ اس قدر کمزور نہیں ہو گیا تھا - کہ چل نہیں سکتا تھا +

(5) وہ نہیں جانتا تھا کہ کیا کرے +

(6) وہ ملازمت حاصل کرنے میں میری مدد نہیں کرے گا +

(7) جب شیر اندر گھس آیا تو اُس آدمی نے کسی کو نہیں پکارا +

(8) یا تو یہ لڑکا سُنتا نہیں ہے - یا یہ پرواہ نہیں کرتا +

(9) میں گاؤں میں نہیں گیا - اور کسی سے نہیں ملا +

(10) وہ صرف کھیتی سے ہی اپنا گزارہ نہیں کرتے -

(11) یہ مسافر کسی کو تکلیف دینا نہیں چاہتے +

(12) میں کسی سے نہیں لڑتا - اور وہ بھی کسی سے نہیں لڑتا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(13) یہ جانور درخت پر نہیں رہتا۔ بلکہ زمین میں رہتا ہے ÷

(14) اُنھوں نے اپنی پوری کوشش اس معاملہ میں نہیں کی ÷

(15) اُس عورت نے خیال نہیں کیا۔ کہ وہ مر جائے گی ÷

(16) وہ سوسائٹی کے قاعدوں کی پابندی نہیں کرتے ÷

(17) اُستاد شریر لڑکوں کو معاف نہیں کرتا ÷

(18) وہ اپنا وقت نیک لڑکوں کی صحبت میں نہیں گذارتا ÷

(19) میں نے ایسا سُست لڑکا نہیں دیکھا ہے جیسے کہ تم ہو ÷

(20) اُسے جانا نہیں چاہئے۔ کیونکہ اُسے سمتھ صاحب گھر نہیں ملیں گے ÷

---

to lay an egg	انڈا دینا	to follow the rules	قاعدوں کی پابندی کرنا
to occur	دل میں آنا	to pardon	معاف کرنا
to live by	گذارہ کرنا	company	صحبت
to do one's best	اپنی پوری کوشش کرنا		

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXVI.

Negative Sentences in the form of Questions

Does he not want to go to Kabul ?

کیا وہ کابل جانا نہیں چاہتا؟

Did you not look out of the window ?

کیا تم نے کھڑکی میں سے باہر نہیں جھانکا؟

---

(۱) کیا تم خیال نہیں کرتے کہ ہمیں دیر ہو جائے گی؟

(۲) کیا گاڑی ٹھیک وقت پر نہیں آئی؟

(۳) کیا گاڑی پانچ بجے تک نہیں آئے گی؟

(۴) کیا تم تھیٹر دیکھنا پسند نہیں کرتے؟

(۵) کیا اس نے اپنا کام ختم نہیں کیا ہے؟

(۶) کیا تم نے اسے یہاں آنے کے لئے نہیں کہا؟

(۷) کیا وہ رات خیمے میں نہیں رہے؟

(8) کیا وہ اکیلا نہیں آیا تھا؟

(۹) کیا لوگ مجھے پاگل نہیں کہتے؟

(۱۰) کیا کرشنا دہلی سے واپس نہیں آیا؟

(۱۱) کیا میں نے تمہیں کئی دفعہ تنبیہ نہیں کی ہے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(12) کیا تم اپنے باپ سے کل نہیں ملے؟

(13) کیا میں نے تمہیں نئی کتاب خریدنے کا حکم نہیں دیا؟

(14) کیا گرجے کا گھنٹہ نہیں بج رہا تھا؟

(15) کیا اُس کی آواز تمہارے تک مشکل سے نہیں پہنچی؟

(16) کیا ہم نے گوبند رام کو اپنا سب سے اچھا دوست نہیں پایا ہے؟

(17) کیا تم اپنے پُرانے دوست سے محبت نہیں کرتے ہو؟

(18) کیا آقا نے نوکر کو سونے سے منع نہیں کیا؟

---

tent	خیمہ
to forbid	منع کرنا
to warn	تنبیہ کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXVII.

Imperative Mood.

Always obey your parents — ہمیشہ اپنے ماں باپ کا حکم مانا کرو

Kindly forgive me — مہربانی کرکے مجھے معاف کرو

---

(۱) اپنے اُستاد اور بزرگوں کی عزت کرو +

(۲) اپنے وعدے کو یاد رکھو +

(3) ہمیشہ پابند وقت ہونے کی کوشش کرو +

(۴) اُسے اندر آنے کی اجازت دو +

(5) کسی کو اندر آنے کی اجازت نہ دو +

(6) فوراً چلنے کے لئے تیار ہو جاؤ +

(7) دوکان پر جاؤ اور ایک پنسل خریدو +

(8) مہربانی کر کے مجھے دو دن کی رخصت مرحمت فرمائیے +

(۹) جماعت کے کمرے میں مت کھیلو +

(۱۰) اُسے اُس کی غلطی کے لئے شرمندہ مت کرو +

(۱۱) جونہی کہ وہ حکم دیوے فوراً دوڑنا شروع کرو +

(۱۲) جاؤ اور جلدی ڈاکٹر صاحب کو بلاؤ +

(13) ایک منٹ ٹھیرو میں ابھی آتا ہوں +

(۱۴) اُسے فوراً آنے کے لئے کہو۔ ورنہ اُسے سزا ملے گی +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(15) اُس کی ننگی کمر پر بیس کوڑے لگاؤ +

(16) اُسے فوراً کمرے سے باہر نکال دو۔ اور اُسے کہو کہ پھر نہ آوے +

(17) ہمیشہ صاف پانی پیو۔ گندہ پانی کبھی استعمال مت کرو +

(18) اپنی صحت کی ہمیشہ پرواہ کرو۔ اور روزانہ ورزش کیا کرو +

(19) مہربانی کرکے میرے کپڑے مجھے دے دو۔ آج سخت سردی ہے +

(20) ہمیشہ خوش رہو اور کبھی غمگین نہ ہو +

---

to respect	عزت کرنا
punctual	پابند وقت
to put to shame	شرمندہ کرنا
as soon as	جونہی کہ
bare back	ننگی کمر
to take care	پرواہ کرنا
to exercise	ورزش کرنا
elders	بزرگ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXVIII.

Subjunctive Mood showing Purpose.

I gave him a prize that he *may* work hard again (Present Tense).

میں اُسے انعام دیتا ہوں۔ تاکہ وہ پھر محنت کرے۔

I gave him a prize that he *might* work hard again (Past Tense)

میں نے اُسے انعام دیا۔ تاکہ وہ پھر محنت کرے۔

(a) He gave his servant rest *lest* he *should* fall ill again.

(b) He gave his servant rest *that* he *might not* fall ill again.

اُس نے اپنے نوکر کو آرام دیا۔ تاکہ وہ پھر بیمار نہ ہو جاے۔

---

(۱) میں اپنے ساتھ چھتری لے گیا۔ تا کہ بھیگ نہ جاؤں ؛

(۲) لڑکے محنت کرتے ہیں۔ تا کہ وہ پاس ہو جائیں ؛

(3) مکان کے مالک نے دروازہ بند کر لیا ایسا نہ ہو۔ کہ چور اندر گھس آویں ؛

(۴) ہم تیز دوڑتے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ ہم گاڑی سے رہ جائیں۔

(۵) میں آہستہ آہستہ بولتا ہوں۔ تاکہ سب سُن سکیں ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(6) تمہیں تیز نہیں چلنا چاہیئے۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارے ساتھی پیچھے رہ جائیں +

(7) میں نے تمہاری گھڑی رکھ لی تھی۔ ایسا نہ ہو کہ تم اُسے کھو دو +

(8) اپنی بندوق کو احتیاط سے رکھو۔ ایسا نہ ہو۔ کہ یہ چل پڑے +

(۹) لڑکیاں محنت کریں گی۔ تاکہ اُنہیں انعام مل جائے +

(۱۰) اُس نے اپنا کام وقت پر ختم کر دیا۔ تاکہ اُسے جرمانہ نہ ہو جائے +

(۱۱) میں اپنے بھائی کو خط لکھتا ہوں۔ تاکہ وہ اُداس نہ ہو جائے +

(۱۲) گھاس میں ہم احتیاط سے چلتے ہیں۔ ایسا نہ ہو۔ کہ سانپ ڈس لے +

***Note.*—Translate by using *should* as well as *might*.**

to get wet	بھیگ جانا
to miss the train	گاڑی سے رہ جانا
to go off	(بندوق کا) چل پڑنا
carefully	احتیاط سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XXXIX.

Subjunctive Mood showing *Wish*, *Doubt* or *Supposition*.

May our King live long
پرماتما ہمارے بادشاہ کی عمر دراز کرے۔

(a) *If* he will *not* confess his fault, I will punish him
(b) *Unless* he confesses his fault, I will punish him
اگر وہ اپنے قصور کو نہیں مانے گا۔ تو میں اُسے سزا دونگا۔

Note.—(Unless = if not)

---

(۱) پرماتما اُس پر لعنت بھیجے ✦
(۲) جب تک یا اگر تم محنت نہ کرو گے۔ تو ہرگز کامیاب نہ ہو گے ✦
(3) اگر تم سکول نہ جاؤ گے۔ تو سزا پاؤ گے ✦
(4) تمام فصلیں سُوکھ جائیں گی۔ اگر وقت پر بارش نہ ہوگی ✦
(5) دشمن کی فوج کے لئے جیتنا ناممکن ہے۔ بشرطیکہ کوئی معجزہ نہ ہو جائے ✦
(6) زخمی سپاہی جلدی ہی مر جائے گا۔ بشرطیکہ کوئی ڈاکٹر نہ پہنچے ✦

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۷) کاش کہ میرا بھائی یہاں موجود ہوتا*
(۸) پرماتما کرے - کہ آپ ہمیشہ خوش رہیں - اور ترقی کریں*
(۹) اگرچہ کھانے کی چیزیں اس وقت گراں ہیں وہ اچھی حالت میں ہیں*
(۱۰) اگرچہ کام سخت ہے - ہم اسے وقت پر ختم کر ڈالیں گے*
(۱۱) اُس کے بچنے کی کوئی صورت نہیں - اگر وہ دوڑ نہ جائے*
(۱۲) ہمارے ساتھی کبھی گاڑی پکڑ نہیں سکتے تھے اگر وہ سخت نہ دوڑتے*
(۱۳) اگر ڈاکو پکڑے نہ جائیں گے - تو ملک میں امن و امان نہ ہوگا*

---

to curse	لعنت بھیجنا
miracle	معجزہ
I wish	کاش
to be prosperous	ترقی کرنا
eatables	کھانے کی چیزیں
peace and order	امن و امان
dear	گراں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XL.

Subjunctive Mood showing *Condition*, Present or Future.

If he comes, he shall be turned out

اگر وہ آوے۔ تو باہر نکال دیا جائے گا +

If it should rain, the school would be closed

اگر بارش ہووے۔ تو مدرسہ بند کر دیا جائے گا +

If I were rich (or were I rich) I should give him a hundred rupees.

اگر میں امیر ہوتا تو اُسے سو روپیے دیتا +

---

(۱) اگر وہ کل آوے۔ تو اُسے اُس کا سارا سامان دے دیا جائے گا +

(۲) اگر میں اُسے ملوں۔ تو اُسے فوراً پہچان لوں +

(3) اگر مجھے رخصت مل جائے۔ تو میں گھر ضرور جاؤں گا +

(۴) اگر میرا ساتھی یہاں آ گیا۔ تو ہم دونوں میچ دیکھنے جائیں گے +

(5) اگر میری تبدیلی یہاں سے ہو گئی۔ تو میں فوراً استعفا دے دوں گا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۶) اگر تم میرے لئے خط لکھ دو۔ تو مجھے ملازمت
مل جائے گی ✣

(۷) اگر ماسٹر صاحب آویں۔ تو تم کو مجھے خبر کر
دینی چاہئے ✣

(۸) اگر وہ محنت کرے۔ تو پاس ہو جائے گا ✣

(۹) اگر رام پرتاب اُسے بُلاوے۔ تو اُس کو چلا
جانا چاہئے ✣

(۱۰) اگر لڑکے معافی مانگیں تو ماسٹر صاحب اُنہیں
معاف کر دیں گے ✣

(۱۱) اگر کتّا تالاب میں گر جائے۔ تو وہ تیر کر باہر
نکل آئے گا ✣

(۱۲) اگر لڑکے شور مچائیں گے تو باہر نکال دیئے
جائیں گے ✣

---

to recognise	پہچان لینا
to transfer	تبدیلی کرنا
to resign	استعفا دینا
to work hard	محنت کرنا
to apologize	معافی مانگنا
to excuse	معاف کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLI.

Subjunctive Mood showing *Condition* in the Past.

If you had obeyed your father, (or had you obeyed your father) you would not have been punished.

اگر تم اپنے باپ کا کہنا مانتے تو سزا
نہ پاتے۔

If he had worked hard, (or had he worked hard) he would have succeeded.

اگر وہ محنت کرتا تو ضرور کامیاب
ہو جاتا۔

---

(1) اگر یہ کتاب لائبریری میں ہوتی۔ تو میں اسے
نہ خریدتا +
(2) اگر انگریز لوگ تجارت کے لئے ہندوستان نہ
آتے۔ تو ہندوستان کے حاکم نہ بنتے +
(3) اگر وہ اچھا ہوتا تو ضرور مدرسے آتا +
(4) اگر میں اپنے دشمن کی نسبت طاقتور ہوتا۔ تو
اسے ضرور مار ڈالتا +
(5) اگر میں ڈاکٹر ہوتا تو تمہارے بھائی کی جان
بچا دیتا +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۶) اگر وہ مجھ سے پوچھتا۔ تو میں اُسے اجازت دے دیتا +

(۷) اگر میں لاہور جاتا تو نمایش دیکھتا +

(۸) اگر وہ ایسا بے وقوفی کا کام نہ کرتا۔ تو موقوف نہ کیا جاتا +

(۹) اگر تمہارا دوست میری نصیحت پر عمل کرتا۔ تو ناکامیاب نہ ہوتا +

(۱۰) اگر راون سیتا نہ چُراتا۔ تو مارا نہ جاتا +

(۱۱) اگر نپولین کو وقت پر مدد مل جاتی۔ تو جیت جاتا۔

(۱۲) اگر تم اپنے باپ کو خط لکھ دیتے۔ تو وہ تمہارے لئے روپے بھیج دیتے +

---

rulers	حاکم
to save life	جان بچانا
to permit	اجازت دینا
exhibition	نمائش
to dismiss	موقوف کرنا
to act upon	عمل کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLII.

Uses of *may, can, must*

He may go — وہ جا سکتا ہے (یعنی جانے کی اجازت)

You can do this work — کیا میں جا سکتا ہوں؟

May I go — تم اس کام کو کر سکتے ہو

تمہیں جانا پڑے گا

---

(۱) میں ایک گھنٹہ میں چار میل چل سکتا ہوں +

(۲) اُسے چار بجے تک یہاں رہنا پڑے گا +

(3) (اگر چاہے) وہ اپنے گھر جا سکتا ہے +

(۴) آج مینہ برس سکتا ہے +

(5) تم بازار سے اپنے لئے ایک چھڑی خرید سکتے ہو +

(6) یہ سبق آسانی کے ساتھ یاد کیا جا سکتا ہے +

(7) اگر تم تندرست رہنا چاہتے ہو - تو تمہیں روزانہ ورزش کرنی چاہئے +

(8) اُسے یہ کام کرنا ہی پڑے گا +

(9) پرماتما تمہیں بڑی عمر دے +

(10) تمہیں اجازت ہے - کہ جاؤ اور کھیلو +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(11) کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟
(12) شاید تمہارا بھائی کمرے میں ہو۔
(13) میرا بھائی بہت اچھی طرح سے لکھ پڑھ سکتا ہے۔
(14) میرا چھوٹا لڑکا ابھی چل نہیں سکتا۔
(15) کمشنر صاحب تمہارے لئے سب کچھ کر سکتے ہیں۔
(16) تم کمرے میں داخل ہو سکتے ہو۔
(17) شاید تمہاری بات سچ ہو۔
(18) کیا وہ تمہاری ڈکشنری لے سکتا ہے۔
(19) تمہیں اپنے اُستادوں کی نصیحت پر عمل کرنا چاہئے۔
(20) کیا تم جانتے ہو کہ مجسٹریٹ تمہیں جیل خانے بھیج سکتا ہے۔
(21) وہ مدرسے سے غیر حاضر ہو گیا ہو گا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLIII.

The use of the Infinitive

I have permitted him to go — میں نے اُسے اجازت دیدی ہے۔

He has no desire to work — اُسے کام کرنیکی خواہش نہیں ہے۔

You shall have to go — تہیں جانا پڑے گا۔

It is your duty to help him. — اُسکی مدد کرنا تمہارا فرض ہے۔

---

(۱) میں آج بازار جانا چاہتا ہوں +

(۲) اُس کے پاس کھانے کے لئے کچھ نہیں ہے +

(3) پابند وقت ہونا اچھا ہے +

(4) میرا گھوڑا ابھی بھاگنے کے قابل نہیں ہے۔

(5) کیا وہ تیرنا جانتا ہے +

(6) میں بورڈنگ ہوس میں کتاب لینے گیا تھا +

(۷) بزرگوں کی عزّت کرنا سب کا فرض ہے۔

(8) کیا وہ ناول پڑھنے پسند کرتا ہے +

(۹) میں نے اُسے اندر آنے کے لئے نہیں کہا +

(10) ایسا خیال کرنا عقلمندی کی بات نہیں ہے +

(11) تمہارے لئے آج سبق یاد کرنا ضروری ہے +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(12) مجھے ہر روز ہسپتال جانا پڑتا ہے ۔

(13) اُسے چھ میل پیدل چلنا پڑا۔

(14) میرے والد صاحب کو پچھلے اتوار کچہری جانا پڑا تھا ۔

(15) تمہیں اس سال امتحان دینا پڑے گا ۔

(16) سپاہی کو ساری رات جاگنا پڑا ۔

(17) ہم یہ دیکھ کر بہت حیران ہوئے ۔

(18) مجھے تمہارے بھائی کی موت کی خبر سُن کر بہت رنج ہوا ۔

(19) اُس کے لئے لاہور جانا ضروری ہے ۔

(20) انسان کا یہ فرض ہے۔ کہ دوسروں کی مدد کرے ۔

(21) ہر ایک لڑکا امتحان پاس کرنا چاہتا ہے۔

(22) کیا تمہیں ہر شام کو کھیل میں جانا پڑتا ہے ۔

---

to be punctual	پابند وقت ہونا
to respect the elders	بزرگوں کی عزت کرنا
to appear at the examination	امتحان دینا
to be surprised.	حیران ہونا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLIV.

Miscellaneous Exercises.

Revision of the foregoing rules

(۱) چوکیدار نے آدھی رات ایک چور کو دیکھا ✤

(۲) کتّا چور پر بھونکا - اور اُس کے پیچھے دوڑا ✤

(3) کیا تم نے کتّے کے بھونکنے کی آواز نہیں سُنی ✤

(4) نہیں میں نے کوئی آواز نہیں سُنی ✤

(5) مزدور دن میں سخت کام کرتے ہیں - اور رات کو آرام کرتے ہیں ✤

(6) چور نے کتّے کے بھونکنے کی کچھ پرواہ نہ کی ✤

(7) امیر آدمی کتّے رکھتے ہیں - تاکہ رات کو نگرانی کریں ✤

(8) وہ دو کتّے رکھتا ہے - مگر میں کوئی بھی کتّا نہیں رکھتا ✤

(9) کیا تم بھی کوئی کتّا رکھتے ہو؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۱۰) وہ کتے کو دن میں باندھ کر رکھتا ہے - مگر رات کو کھُلا چھوڑ دیتا ہے +

(۱۱) پہلے زمانے میں لوگ کتے نہیں رکھتے تھے بلکہ گائے رکھتے تھے +

(۱۲) تم گائے کیوں نہیں رکھتے - میں تو ایک گائے ہمیشہ رکھتا ہوں +

(۱۳) میں اب گائے ضرور رکھا کروں گا - کیونکہ تازہ دودھ بچوں کے لئے مفید ہوتا ہے +

(۱۴) میں اپنی گائے کا دودھ خود نکالتا ہوں +

(۱۵) اگر تم گائے رکھو گے تو کیا تم خود اُس کا دودھ نکالا کرو گے ؟

(۱۶) گائے ایک مفید جانور ہے - کیونکہ یہ گھاس کھاتی ہے - اور دودھ دیتی ہے +

---

to pay heed	پروا کرنا
to tie up	باندھ دینا
to let loose	کھلا چھوڑ دینا
to milk	دودھ نکالنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLV.

Revision of the foregoing rules

---

(۱) آدمی روپیہ بچا کر امیر بن جاتا ہے +

(۲) اگر کوئی آمدنی کی نسبت زیادہ خرچ کرتا ہے تو وہ فضول خرچ کہلاتا ہے +

(3) جو خرچ بہت کم کرتا ہے۔ کنجوس کہلاتا ہے +

(۴) ایک آدمی بھوکا تو رہے گا۔ مگر روپیہ خرچ نہ کرے گا +

(5) کیا تمہارے پڑوس میں کوئی کنجوس نہیں ہے؟

(۶) ہاں مجھے یاد ہے۔ ایک کنجوس رہا کرتا تھا +

(۷) میرا بھائی ایک سست لڑکا ہے۔ اور تمام دن اِدھر اُدھر گھومنے میں کھو دیتا ہے +

(8) اُس کو درست کرنا میرا فرض ہے۔ مگر وہ میری نصیحت پر عمل نہیں کرتا +

(۹) کیا تم میرے بھائی کی عادت درست کرنے کے لئے کچھ کر سکتے ہو؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(10) اگر تم اُسے میرے پاس بھیجو۔ تو میں اُسے درست کرنے کی کوشش کروں گا +

(11) میں اُسے سزا نہیں دیتا۔ ایسا نہ ہو۔ کہ وہ دوڑ جائے +

(12) تمہیں سزا دینے سے ڈرنا نہیں چاہیئے۔ کیونکہ بعض وقت سزا بہت فائدہ دیتی ہے +

(13) اپنے ماں باپ کا حکم مانو۔ ورنہ وہ تم سے ناراض ہو جائیں گے +

(14) وہ اپنے لڑکے کی بُری عادات کی بابت سُن کر بہت شرمندہ ہوا +

---

to save money	روپیہ بچانا
income	آمدنی
lavish	فضول خرچ
to starve	بھوکا رہنا
neighbourhood	پڑوس
to waste	کھو دینا
to reform	درست کرنا
miser	کنجوس

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLVI.

The Rule of the Sequence of Tenses.

I Know that he was a clever boy.

میں جانتا تھا کہ وہ ہوشیار لڑکا ہے +

He promises that he will now work hard.

وہ وعدہ کرتا ہے کہ اب وہ خوب محنت کریگا +

---

(۱) مجھے بتلایا گیا تھا - کہ وہ کتاب پڑھ رہا ہے +

(۲) کل میں نے سُنا کہ ایک آدمی مر گیا ہے +

(3) کیا تم جانتے تھے کہ وہ آجائے گا +

(۴) ہری سنگھ نے مجھے نہیں بتلایا - کہ وہ کہاں جا رہا ہے +

(5) میرا خیال ہے - کہ ماسٹر صاحب مجھ سے ناراض ہیں +

(6) میرا خیال تھا - کہ ماسٹر صاحب تم سے خوش ہیں +

(7) اُس کا چہرہ اس قدر بدل گیا تھا - کہ میں اُسے پہچان نہیں سکتا +

(8) اُستاد نے لڑکوں کو انعام دیا - تاکہ وہ اگلے سال محنت کریں +

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(۹) میرا باپ یہ سُن کر خوش ہوا۔ کہ مجھے انعام ملا ہے +

(۱۰) مجھے اُمید ہے کہ تم مجھے معاف کرو گے +

(۱۱) کیا وہ اُمید کرتا تھا۔ کہ اُس کی گھڑی مل جائے گی +

(۱۲) وہ نہیں چاہتا تھا۔ کہ میں یہاں سے چلا جاؤں +

(۱۳) میرے پاس ایک ایسی گائے ہے۔ جو بہت دودھ دیتی ہے +

(۱۴) کیا تم نے سُنا کہ شہر میں ایک مکان کو آگ لگ گئی تھی +

(۱۵) مجھے اعتبار تھا۔ کہ میرا بھائی ضرور میری مدد کرے گا +

(۱۶) کیا تم نے دیکھا۔ کہ گاڑی آگئی ہے +

(۱۷) میں نے گھوڑا بیچ دیا۔ کیونکہ وہ بوڑھا ہو گیا تھا +

---

to recognise	پہچاننا
prise	انعام
to catch fire	آگ لگ جانا
to believe	اعتبار کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLVII.

Direct and Indirect Forms of Speech.

دونو طریقوں سے مندرجۂ ذیل فقروں کا ترجمہ کرو:-

(۱) اُس نے کہا کہ میرے پیٹ میں درد ہے +

(۲) اُس نے کہا - کہ یہ بات سُن کر مجھے بہت رنج ہوا +

(3) وہ کہتا ہے کہ میں ہر روز شام کو سیر کرنے جاتا ہوں +

(4) ہری نے کہا - کہ میں اپنے باپ کو خط لکھ رہا ہوں +

(5) میں نے اُسے کہا - تم ہی وہ شخص ہو - جسے میں چاہتا ہوں +

(6) ماسٹر نے کہا - شور نہ مچاؤ - ورنہ سزا پاؤ گے +

(7) اُس نے مجھ سے پوچھا - کل تم کہاں گئے تھے؟

(8) موہن نے مجھ سے کہا - جاؤ میری کتاب جلدی لے آؤ +

(9) سوہن نے مجھ سے کہا - کہ آج میں مدرسے نہیں جاؤں گا +

(۱۰) میں نے اُس سے کہا - کیا یہ گھوڑا تمہارا ہے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(11) اُس نے مجھ سے پوچھا - کہ شہر یہاں سے کتنی دور ہے؟

(12) چیندو لال نے مجھ سے کہا - کہ ہندوستان بڑا زرخیز ملک ہے +

(13) لڑکے نے ماسٹر صاحب سے کہا - کہ میں جناب کا نہایت مشکور ہوں +

(14) احمد علی نے کہا - کہ میں نے یہ بات پہلے ہی سُن رکھی تھی +

(15) ماسٹر صاحب نے لڑکوں سے کہا - میں چاہتا ہوں - کہ تم سب آج شام کو مدرسہ آؤ +

(16) اُس نے کہا - کہ میں نہیں جانتا تمہارا کیا مطلب ہے؟

(17) اُنہوں نے کہا ہمیں اُمید ہے - کہ ہم تمہیں اگلے اتوار کو ملیں گے +

(18) وہ مجھے کہتا ہے - کہ یہاں سے فوراً چلے جاؤ +

سیر کرنے جانا	to go for a walk.
کتنی دور	how far
زرخیز	fertile

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLVIII.

Interrogative Sentences involving the use of *which, when, where, how, why, who, whose, etc.*

---

(1) اُس کو کس نے مارا؟

(2) تم نے کس کو دیکھا؟

(3) یہ کتاب کس کی ہے؟

(4) تم کس کی کتاب چاہتے ہو؟

(5) کھڑکی کون سے لڑکے نے توڑی ہے؟

(6) تم کون سے مضمون میں کمزور ہو؟

(7) تم کون سی کتابیں پڑھتے ہو؟

(8) یہ میز کس لکڑی کی بنی ہے؟

(9) تم کس وقت مدرسے جاؤ گے؟

(10) میں تمہیں کب اور کہاں مل سکتا ہوں؟

(11) تم نے اُسے سزا کیوں دی؟

(12) تمہاری جماعت میں کتنے لڑکے ہیں؟

(13) تمہاری گائے کتنا دودھ دیتی ہے؟

(14) تم نے یہ سوال کیوں نہیں نکالے؟

(15) تمہارا بھائی امریکہ کب جانا چاہتا ہے؟

(16) کس کا لڑکا لڑائی میں مارا گیا؟

(17) آدمی کہاں بیٹھے تھے؟

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(18) اُس پرچے کو کرنے کے لئے کتنے گھنٹے درکار ہوں گے؟

(19) اسٹیشن پر کتنی دیر تک اُسے انتظار کرنا پڑا؟

(20) تمہارا گھر سکول سے کتنی دور ہے؟

(21) یہ درخت کتنا اونچا ہے؟

(22) تم نے اس راستہ سے کس کو جاتے دیکھا؟

(23) ہری رام پرسوں دہلی کیوں گیا تھا؟

(24) اندھا آدمی کیا کہہ رہا تھا؟

(25) کس کی مدد سے آپ کو کامیابی ہوئی؟

(26) گھوڑے کے لئے آپ کو کس قدر روپیہ دینا پڑا؟

(27) تمہارے باغ میں کتنے آم کے درخت ہیں؟

(28) وہ کس قسم کا کپڑا چاہتا ہے؟

(29) اُس نے مجھے کس قدر کپڑا دیا ہے؟

To solve a question	سوال نکالنا
to succeed	کامیاب ہونا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE XLIX.

The use of Participles.

Seeing the teacher coming, the boys ran away.

اُستاد کو آتا ہُوا دیکھ کر لڑکے بھاگ گئے

They made no answer even on being asked.

پوچھنے پر بھی اُنہوں نے کچھ جواب نہ دیا۔

---

(1) میں نے لڑکے سے کتاب لے کر میز پر رکھ دی ۔

(2) بچّے کو اپنے پاس بُلاکر ماں نے کہا بچّہ سو جاؤ ۔

(3) گھڑی میز پر سے چُرا کر وہ کمرے سے بھاگ گیا ۔

(4) لڑکے کو چارپائی پر نہ پاکر وہ بہت گھبرایا ۔

(5) میچ جیت کر سارے لڑکے اپنے گھروں کو خوشی خوشی گئے ۔

(6) لڑائی ہار کر ہمایوں بادشاہ واپس دہلی آیا ۔

(7) شیر کو مار کر ہاتھی تالاب پر پانی پینے گیا ۔

(8) سبق ختم کرنے کے بعد لڑکے گھروں کو چلے گئے ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(9) میچ دیکھنے کے بعد ہم وہاں ہی کھیلنے لگے ۔

(10) گھر پہنچ کر ہم نے دیکھا کہ وہاں کوئی بھی نہ تھا ۔

(11) اپنے آقا کے پیروں پر گر کر لوکر زار و زار رونے لگا ۔

(12) ریچھ کو آتا ہوا دیکھ کر اس کا ساتھی جھٹ درخت پر چڑھ گیا ۔

(13) ریچھ نے اُس آدمی کو مُردہ سمجھ کر چھوڑ دیا اور اپنے راہ لگا ۔

(14) چھ ماہ بیمار رہکر اُس کا لڑکا ۲۰ جولائی کو مر گیا ۔

(15) اپنا سارا روپیہ خرچ کر کے میں نے اپنے چچا کو اور روپے بھیجنے کے لئے لکھا ۔

---

to lose the battle	لڑائی ہارنا
to weep bitterly	زار و زار رونا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE L.

Degrees of Comparison.

Mohan is stronger than Sohan. - سوہن کی نسبت موہن زیادہ طاقتور ہے۔

Latif is the cleverer of the two brothers. دونوں بھائیوں میں لطیف زیادہ ہوشیار ہے۔

The apple is the most useful fruit. - سیب سب سے زیادہ مفید پھل ہے۔

---

(1) تمہاری نسبت تمہارا بھائی زیادہ محنتی ہے ؛

(2) میں اپنے بھائی کی نسبت زیادہ لمبا ہوں ؛

(3) بے عزتی کی نسبت مرنا بہتر ہے ؛

(4) انسان سب سے افضل مخلوق ہے ؛

(5) دولت کی نسبت چال چلن زیادہ قیمتی ہے ؛

(6) لنڈن دنیا کا سب سے بڑا شہر ہے ؛

(7) دریائے سندھ گنگا کی نسبت زیادہ بڑا دریا ہے

(8) دونوں لڑکوں میں سے گوپال زیادہ چست ہے ؛

(9) گوپال داس اپنی جماعت میں سب سے کمزور لڑکا ہے ؛

(10) جھوٹ سب پاپوں میں سب سے بڑا ہے ؛

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(11) یہ سب سے زیادہ خوبصورت پھول ہے جو میں نے کبھی دیکھا ہے ؞

(12) اس ضلع میں سب سے اچھا شہر کون سا ہے ؞

(13) کیا تم میری نسبت زیادہ محنت کر سکتے ہو؟

(14) کیا تم خیال کرتے ہو۔ کہ دہلی لاہور سے بڑا ہے ؞

(15) کیا ولایتی کپڑا ہندوستانی کپڑے سے سستا ہوتا ہے ؞

(16) غلامی نوکری سے بڑی ہے ؞

(17) یہ گھوڑا اس شہر کے سب گھوڑوں سے تیز ہے ؞

(18) دنیا کا سب سے بڑا دریا کونسا ہے ؞

(19) بجلی کی روشنی لیمپ کی روشنی کی نسبت زیادہ تیز ہوتی ہے ؞

(20) کیا ہری تمہارا سب سے بڑا بھائی ہے ؞

افضل	noble	محنتی	industricus
سستا	cheap	بےعزتی	dishonour
تیز	swift	مخلوق	creature
غلامی	slavery	چست	active

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LI.

The use of For and Since.

I have been working since morning.

میں صبح سے کام کر رہا ہوں ؞

Boys have been playing for two hours.

لڑکے دو گھنٹے سے کھیل رہے ہیں ؞

---

(۱) وہ صبح سے پڑھ رہے ہیں ؞

(2) مینہ دو گھنٹے سے برس رہا تھا۔

(3) کیا وہ چھ دن سے بیمار ہے ؟

(4) میں ماہ جون سے یہاں رہ رہا ہوں ؞

(5) وہ چار بجے سے گا رہا ہے ؞

(6) تم چار گھنٹے سے کام کر رہے ہو ؟

(7) کسان صبح سے کھیت کو پانی دے رہا ہے ؞

(8) وہ پانچ برس سے اس کالج میں تعلیم پا رہا ہے ؞

(9) لڑکیاں دو گھنٹے سے باغ میں گھوم رہی ہیں ؞

(10) ہم ایک بجے سے گاڑی کا انتظار کر رہے ہیں ؞

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(11) تمہارے آنے سے پہلے ہم آپ کا ایک گھنٹہ سے انتظار کر رہے تھے ۔

(12) آپ کا بھائی سوموار سے مدرسے سے غیر حاضر ہے ۔

(13) ستمبر سے کوئی بارش نہیں ہوئی ہے ۔

(14) دس مارچ سے امتحان جاری ہے ۔

(15) ہماری گائے پندرہ فروری سے دودھ دے رہی ہے ۔

(16) ڈاکٹر صاحب ڈیڑھ گھنٹہ سے مریض کا معائنہ کر رہے تھے ۔

---

to water	پانی دینا
to go on	جاری رہنا
to examine a patient	مریض کا معائنہ کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LII

Miscellaneous Exercises

---

(1) گذشتہ رات میں گاڑھی نیند سویا تھا ۔

(2) کیا چوکیدار نے ہمیں جانے سے نہیں روکا؟

(3) پچھلے سال امتحان ایسا مشکل نہ تھا۔ جیسا کہ اس سال ۔

(4) جس دن میں دہلی پہنچا۔ اسی دن اس کے والد کی موت کی خبر میں نے سنی ۔

(5) ہمارے ملک میں بیلوں سے ہل چلاتے ہیں۔ مگر امریکہ میں گھوڑوں سے ۔

(6) درخت پتوں کے ذریعے سے سانس لیتے ہیں ۔

(7) موسم خزاں میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ مگر موسم بہار میں نئے پتے نکل آتے ہیں ۔

(8) لوہا بھٹی میں گرم کیا جاتا ہے۔ اور پگھلایا جاتا ہے ۔

(9) جب میں باغ میں پہنچا۔ تو میں نے دیکھا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کہ کئی لڑکے وہاں سیر کر رہے ہیں ÷

(۱۰) میں نے ہری سنگھ سے پوچھا کہ تم مدرسے کیوں نہیں گئے ÷

(11) اُس نے کہا۔ کہ میں چار دن سے بیمار ہوں اس وجہ سے مدرسے نہیں جا سکا ÷

(12) جب وہ اپنا قلم بنا چکا تو اُس نے چاقو واپس کر دیا ÷

(13) کیا اب پونے دو بجے ہیں ÷

(14) آج کل ہر شخص جانتا ہے۔ کہ زمین سورج کے گرد گھومتی ہے ÷

(15) ہم ایک گھنٹے سے تالاب میں تیر رہے ہیں ÷

(16) اُسے خیال تھا کہ میں نہیں آؤں گا ÷

---

sound sleep	گاڑھی نیند
autumn	موسم خزاں
spring	موسم بہار
to melt	پگلانا
furnace	بھٹی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar.

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LIII

صحت کا خیال رکھنا ہر ایک آدمی کا فرض
ہے طاقتور بننے کے لئے ہر ایک کو کوشش
کرنی چاہئے۔ صحت کے بنا ہم کچھ نہیں
کر سکتے۔ بیماری میں کھانا بھی اچھا نہیں
لگتا۔ صحت قائم رکھنے کے لئے ورزش
نہایت ضروری ہے طالب علموں کو چاہئے کہ
شام کو کسی نہ کسی کھیل میں ضرور حصہ
لیا کریں۔ سیر کرنا بھی ایک قسم کی
ورزش ہے۔ تیرنا سب سے عمدہ ورزش
گنی جاتی ہے بعض لڑکے امتحان کے
دنوں میں بہت محنت کرتے ہیں۔ اور
کھیلنا بالکل بند کر دیتے ہیں۔ یہ ان
کی سخت غلطی ہے۔ ورزش اتنی ہی
ضروری ہے۔ جتنی کہ خوراک۔ جو باقاعدہ
ورزش کرتے ہیں۔ انہیں ڈاکٹر کی پرواہ
نہیں رہتی۔ صحت کھو کر امتحان پاس کیا تو
کس کام۔ ہم نے بہت سے لڑکوں
کو دیکھا ہے۔ جو شام کو باقاعدہ کھیلوں
میں حصہ لیتے ہیں۔ بعض لڑکے کھیلوں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہیں تو خوب حصّہ لیتے ہیں۔ مگر پڑھائی سے
جی چراتے ہیں۔ ایسے لڑکوں کو کوئی پسند
نہیں کرتا ⁂

صحت قائم رکھنا	to preserve health
کھیل	game
باقاعدہ	regular

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LIV

ایک دن ایک جولاہے کی لڑکی گھر میں جھاڑو دے رہی تھی - جب وہ جھاڑو دے رہی تھی تو اُس نے سوچا - کہ میرے ماں باپ اسی گاؤں میں رہتے ہیں - اگر میری شادی اسی گاؤں میں ہو جائے - اور میں یہاں ہی رہنے لگوں تو بہت اچھا ہو - پھر اُس نے سوچا - اگر میرا لڑکا مر جاوے - تو سب رشتہ دار میرے پاس آئیں گے - اور مجھ سے ہمدردی کریں گے - یہ سوچ کر اُس نے جھاڑو ایک طرف رکھ دی - اور رونے لگی - اس کے رونے کی آواز سُن کر اُس کی ماں آئی - اور وہ بھی رونے لگی - تھوڑی دیر کے بعد اس کا باپ آیا - وہ بھی رونے لگا - اُس کے سب رشتہ دار اور دوست آئے اور رونے لگے - مگر یہ کسی نے نہ پوچھا کہ معاملہ کیا ہے - آخر کار ایک بوڑھا عقلمند آدمی آیا - اور اُس نے اُن سے پوچھا - کہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تم کیوں روتے ہو - اُنہوں نے کہا ہمیں پتہ نہیں - اُس نے اُن کو کہا - چپ ہو جاؤ - اور معلوم کرو - کہ کیا معاملہ ہے - جب اُنہیں اصلی سبب معلوم ہوا - تو وہ سب بڑے ہنسے اور بہت شرمندہ ہوئے ۔

جلاہا	weaver
ہمدردی کرنا	to show sympathy
جھاڑو	broom
شرمندہ	ashamed
جھاڑو دینا	to sweep
رونا	to weep

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LV

ایک بھیڑیا اور ایک بھیڑ کا بچہ ایک چشمے پر پانی پی رہے تھے ۔ بھیڑیئے کی طرف سے بھیڑ کے بچے کی طرف پانی بہ رہا تھا ۔ بھیڑئے نے بھیڑ کے بچے کو دیکھا ۔ اور سوچا کہ اسے کھانا چاہئے ۔ بھیڑیا اس کی طرف گیا ۔ اور اُسے دھمکا کر کہنے لگا ۔ اے بھیڑ کے بچے ! تو پانی کیوں گدلا کر رہا ہے ؟ دیکھتا نہیں ۔ کہ میں پانی پی رہا ہوں ؟ بھیڑ کا بچہ بہت ڈرا اور عاجزی سے کہا ۔ جناب پانی تو آپ کی طرف سے میری طرف آ رہا ہے ۔ پھر میں پانی کس طرح گدلا کر سکتا ہوں ؟ یہ سُن کر بھیڑیے نے کہا ۔ او بد معاش ! دو سال ہوئے ۔ تو نے مجھے گالی دی تھی ۔ بھیڑ کے بچے نے کہا ۔ جناب ! دو سال کی تو میری عمر بھی نہیں ہے ۔ اس پر بھیڑیا بہت خفا ہوا ۔ اور بولا کہ اگر تم نے گالی نہیں دی تھی ۔ تو تمہارے باپ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نے گالی دی ہوگی - یہ کہہ کر وہ اُس
کی طرف جھپٹا اور اس کو پھاڑ کر کھاگیا ÷

خوئے بد را بہانہ بسیار

---

stream	چشمہ
lamb	بھیڑ کا بچہ
muddy	گدلا
wolf	بھیڑیا
to threaten	دھمکانا
rascal	بدمعاش

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LVI

ایک دفعہ ایک کوا بہت پیاسا تھا۔ اُس نے اِدھر اُدھر پانی تلاش کیا۔ مگر پانی کہیں نہ ملا۔ کوا پیاس کے مارے مرا جاتا تھا۔ بہت دیر تک اِدھر اُدھر تلاش کرنے کے بعد کوّے نے باغ میں ایک پانی کا گھڑا دیکھا۔ وہ گھڑے کے پاس اُڑ کر گیا۔ تاکہ پانی پیوے۔ گھڑا پانی سے بھرا ہوا نہ تھا۔ صرف اس کی پیندی میں کچھ پانی تھا۔ کوا پانی تک نہ پہنچ سکتا تھا۔ کوے نے سوچا۔ کہ پانی تک کِس طرح پہنچوں۔ اگر گھڑے کو اُلٹا کرے۔ تو اُس میں اتنی طاقت نہ تھی۔ آخرکار اُس نے ایک تجویز سوچی۔ اُس نے چاروں طرف سے ٹھیکریاں چُگ کر لانی شروع کیں۔ اور وہ ان ٹھیکریوں کو گھڑے میں ڈالنے لگا۔ آخرکار پانی گھڑے کے منہ تک آگیا۔ اور اُس نے خوب پانی پیا۔ اور اپنی پیاس بجھائی ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

jug	گھڑا
to upset	الٹانا
to pick	چگنا
to quench	پیاس بجھانا
to fly	اُڑنا
pebbles	ٹھیکریاں

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LVII

ایک دفعہ ایک بڈھے آدمی کے چار لڑکے تھے۔ وہ آپس میں ہمیشہ لڑتے رہتے تھے جب بڈھا آدمی مرنے کے قریب ہوا۔ تو اُس نے سوچا۔ کہ میرے لڑکے ہمیشہ لڑتے رہتے ہیں۔ اُن کو سکھلانا چاہئے۔ کہ اُنہیں اتفاق سے رہنا چاہئے۔ اس لئے اُس بڈھے نے ایک چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا گٹھا منگایا۔ اور اُن لکڑیوں کو ایک رسّی سے باندھ دیا۔ پھر اُس نے سب سے چھوٹے لڑکے کو بلایا۔ اور اُسے کہا۔ کہ لکڑیوں کے اس گٹھے کو توڑو۔ اُس لڑکے نے سارا زور لگایا۔ مگر گٹھے کو نہ توڑ سکا۔ پھر اُس نے اپنے دوسرے لڑکے کو کہا۔ کہ تم اسے توڑو۔ اس نے بھی بہت کوشش کی۔ مگر سب بے فائدہ۔ اسی طرح تیسرے اور چوتھے لڑکے نے بھی سارا زور لگایا۔ مگر وہ بھی ناکامیاب رہے۔ پھر بڈھے نے سب سے چھوٹے لڑکے سے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کہا۔ کہ اس گٹھے کی رسّی کو کھول دو۔ لڑکے
نے ایسا ہی کیا۔ اُس کے باپ نے لڑکے سے
کہا۔ کہ اب ان لکڑیوں کو توڑو۔ پھر تو اس
لڑکے نے بہت آسانی سے سب لکڑیوں کو
توڑ دیا۔ اُن کے باپ نے اُن سب کو مخاطب
کر کے کہا۔ دیکھو میرے لڑکو یہ اتفاق کی
طاقت ہے۔ مل کر ہم قائم رہ سکتے ہیں۔
مگر آپس میں الگ الگ ہو کر ہم تباہ ہو
جاتے ہیں ۔

---

union	اتفاق
sticks	چھوٹی لکڑیاں
youngest	سب سے چھوٹا
to untie	کھولنا
to address	مخاطب کرنا
bundle	گٹھا
to exert	زور لگانا
in vain	بے فائدہ
string	رسّی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

EXERCISE LVIII

ایک دفعہ ایک آدمی اور اس کا لڑکا اپنے گدھے کو بیچنے کے لئے بازار کو لے جا رہے تھے۔ لڑکا گدھے پر سوار تھا۔ اور اس کا بڈھا باپ گدھے کو لے جا رہا تھا۔ ایک عورت نے اُن کو اس طرح سے جاتے ہوئے دیکھکر کہا۔ یہ کیا ہی بے شرم لڑکا ہے۔ آپ تو آرام سے گدھے پر سوار ہے۔ اور اُس کا باپ بیچارہ پیدل جا رہا ہے۔ یہ سُن کر لڑکا گدھے پر سے اُتر گیا۔ اور اُس کا باپ سوار ہو گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد اُنھیں چند مُسافر ملے اُنہوں نے کہا دیکھو یہ بڈھا کیسا خود غرض ہے۔ آپ تو گدھے پر سوار ہے اُس کا لڑکا بیچارہ پیدل جا رہا ہے۔ یہ سن کر دونو گدھے پر سوار ہو گئے۔ تھوڑی دور چل کر ایک لڑکی اُنہیں ملی۔ وہ بولی یہ بڑے بے رحم آدمی ہیں دونو ہی بیچارے غریب گدھے پر سوار ہیں اس پر دونوں ہی گدھے پر سے اُتر پڑے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

پھر راستہ میں اُنہیں چند لڑکے ملے وہ آپس میں کہنے لگے۔ دیکھو دوستو یہ کیسے بے وقوف آدمی جا رہے ہیں۔ گدھا اُن کے پاس ہے۔ پھر بھی پیدل جا رہے ہیں۔ یہ باتیں سُن کر بڈھے آدمی نے اپنے لڑکے سے کہا۔ کہ ہم نے سب کو خوش کرنے کی کوشش کی۔ مگر ہم کسی کو بھی خوش نہ کر سکے ؂

---

market	بازار
to get down	اُترنا
passer-by	مسافر
to please	خوش کرنا
on foot	پیدل
selfish	خود غرض

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Exercise		Page
42.	Use of *may, can, must* ...	83
43.	The use of the Infinitive ...	85
44.	Miscellaneous Exercises - Revision of the foregoing rules— ...	87
45.	Revision of the foregoing rules ...	89
46.	The rule of the Sequence of Tenses ...	91
47	Direct and Indirect Forms of Speech ...	93
48.	Interrogative Sentences involving the use of *which, when, where, how, why, who, whose, etc.* ...	95
49.	The use of Participles ...	97
50.	Degrees of Comparison ...	99
51.	The use of *for* and *since* ...	101
52.	Miscellaneous Exercises ...	103
53.	Miscellaneous ...	105
54.	A Story ...	107
55.	A Story ...	109
56.	A Story ...	111
57.	A Story ...	113
58.	A Story ...	115

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Exercise		Page
21.	Miscellaneous Exercises on the use of the different forms of the Past Tense ...	41
22.	Miscellaneous Exercises on the use of the different forms of the Future Tense ...	43
23.	Miscellaneous Exercises on different Tenses ...	45
24.	Miscellaneous Exercises on different Tenses ...	47
25.	Present and Past Perfect Continuous Tenses ...	49
26.	Passive forms of the Present Tense...	51
27.	Passive forms of the Past Tense ...	53
28.	Passive forms of the Future Tense ...	55
29.	Miscellaneous Exercises on the Passive forms of different Tenses ...	57
30.	Interrogative Sentences—Present Indefinite Tense ...	59
31.	Interrogative Sentences—Past Indefinite Tense ...	61
32.	Interrogative Sentences—All the Tenses ...	63
33.	Negative Sentences—Present Indefinite Tense ...	65
34.	Negative Sentences—Past Indefinite Tense ...	67
35.	Negative Sentences—All the Tenses ...	69
36.	Negative Sentences in the form of Questions ...	71
37.	Imperative Mood ...	73
38.	Subjunctive Mood showing purpose ...	75
39.	Subjunctive Mood showing Wish, Doubt or Supposition ...	77
40.	Subjunctive Mood showing Condition—Present or Future ...	79
41.	Subjunctive Mood showing Condition in the Past ...	81

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CONTENTS

EXERCISE		PAGE
1.	*Is, am, are, was, were* ...	1
2.	Use of *have, has, had* ...	3
3.	Sentences beginning with *there* ..	5
4.	Sentences beginning with *it* ...	7
5.	Negative sentences containing *is, was, has, have,* etc. ...	9
6.	Interrogative sentences containing *is, was, have,* etc. ...	11
7.	Revision of the Exercises 1 to 6 ...	13
8.	Present Indefinite Tense (Active Voice) ...	15
9.	Past Indefinite Tense (Active Voice)...	17
10.	Future Indefinite Tense (Active Voice) ...	19
11.	Present Continuous Tense (Active Voice) ...	21
12.	Past Continuous Tense (Active Voice) ...	23
13.	Future Continuous Tense (Active Voice) ...	25
14.	Present Perfect Tense (Active Voice)	27
15.	Past Perfect Tense (Active Voice) ...	29
16.	Future Perfect Tense (Active Voice) ...	31
17.	Miscellaneous Exercises on the use of Tenses (Indefinite) ...	33
18.	Miscellaneous Exercises on the use of Tense (Continuous) ...	35
19.	Miscellaneous Exercises on the use of Perfect Tense ...	37
20.	Miscellaneous Exercises on the use of the different forms of the Present Tense ...	39

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

(*iv*) Particular attention should be paid to handwriting. No boy should be allowed to scribble and to disregard the guiding lines, if ruled Exercise-books are used. The posture of boys while writing should also receive attention.

RAM LAL.
Headmaster.
Arya H gh School, Lu lh a za.

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

should be correlated. With this object in view translation exercises have been so compiled that each exercise deals with a certain grammatical rule of practical importance. It would, therefore, add to the usefulness of a translation exercise if it is taken after a lesson in grammar dealing with that particular rule. Although the exercises have been arranged in a natural and a logical order in which they can be taught with the greatest benefit to the boys, yet adherence to that order is not essential and an intelligent teacher may select exercises in any order to suit lessons in grammar. In order to facilitate such a selection a table of contents showing the rules of grammar exemplified in each exercise has been appended.

(3) The following hints on the teaching of translation will prove useful to the teacher :—

(*i*) With the help of the blackboard the teacher should first thoroughly explain and illustrate the rules exemplified in the exercise to be taught.

(*ii*) Each sentence should be translated orally by a boy and corrected with the help of other boys. The correct form should be repeated by some of the boys, preferably by weak ones.

(*iii*) When all the sentences have been dealt with in the manner explained above, the boys should be required to write down the English translation in their Exercise books.

(*iv*) Written translation should now be corrected by the teacher individually. If it is found sometimes impracticable, collective correction may be done, particular care being taken of punctuation and spelling. But the exercises of the weak boys should always be corrected individually.

(*v*) The boys should now copy fair each corrected exercise and commit typical sentences to memory.

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

PREFACE

This book on English Translation, together with two books for the previous classes has been written on the *Concentric Method*. Long experience has taught me that it is a mistake to suppose that only certain rules should be taught in one class and the other rules in other classes. But in practice we find that there are certain important rules and usages that are essential for the correct use of the language whether by a small boy of the sixth class or by a grown-up lad of the tenth and that the mistakes made by a boy of the sixth recur in the exercises written by a boy of the High Class. In order to teach the correct use of the spoken and the written language it is essential that the grammatical usages of daily practical importance should be taught in every class. It is with this object in view that these Translation books have been written, but care has been taken to make the exercises graduated in difficulty and suited to the attainments of the class for which they are meant. The vocabulary required, which has been given at the end of each exercise, has been selected from the text-books generally taught in these classes.

The exercises have been so arranged that the rules exemplified in the previous exercises recur in the succeeding ones and after a few exercises the previous rules are recapitulated to give the boys thorough and constant practice in the correct use of these rules.

(2) The object of translation as a subject of teaching is to practise boys in the correct use of the language. The aim of teaching grammar is also the same, hence the teaching of grammar and translation

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

Printed by
L. Guran Ditta Kapur
at the
Kapur Art Printing Works,
Abbot Road, Lahore.
and
Published by
R. S. Ram Jawaya Kapur,
Proprietor,
Uttar Chand Kapur & Sons,
Lahore.

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ENGLISH TRANSLATION

ON

CONCENTRIC PLAN

BOOK III

FOR

VIII CLASS

OF

ANGLO-VERNACULAR SCHOOLS
IN THE PUNJAB.

425
3/0

BY

RAM LAL, B. A.,

HEADMASTER,

Arya High School, Ludhiana.

LAHORE
UTTAR CHAND KAPUR & SONS.
1935

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

1555

Entered in Database

Signature with Date

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri